مکشوفاتِ
منازلِ احسان
المعروف بہ
مقالاتِ حکمت
دار الاحسان

خطاب: حضرت مولوی محمد برکت علی صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضٰی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

مکشوفاتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتَّقسِیم وَالتَّوزِیع فِی سَبِیلِ اللہِ

لانتفاعِ و النفع

لِجمیع اُمّۃِ رسولِ اللہِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مؤلف: محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

تاریخ ــــ امروز سعید دوشنبہ یکم رجب المرجب ۱۴۰۷ھ

جلد نہم

طبع : ـــــــــ اوّل
مطبع : ـــــــــ نشار آرٹ پریس لمیٹڈ۔ لاہور
طابع : ـــــــــ المستفیض دارالاحسان فیصل آباد

مقام اشاعت

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین ۞ دارالاحسان

المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان فون نمبر ۴۶۶۰۰

سبحان ذی الجلال والاکرام

۴۴۳۹

طِب کی ابتداء ——— علق

طِب کا عروج ——— کشف الورید

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۴۴۰

طریقت میں منافقت نہیں ہوتی۔

ایک ہو کر اور ایک بن کر ہی کوئی کسی کا کہلاتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۴۱۶ھ

حاضر ہے ، ناظر ہے کوئی شک نہیں ۔

ایمان ہے ، یقین نہیں ۔

یقین کی وادی کو کھول

گردو غبار نے تمام دفاتر ڈھنڈلے کر دیے

جھاڑ اور دیکھ

جسے تُو پتھر سمجھے ہے ، انمول ہیرا ہے ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۶۶۳۲

کسی کو نظر آئے نہ آئے
دکھائی دے نہ دے
خدا کے ہمراہ ساری خدائی ہوتی ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۳۳

جاندار مخلوق تو ہوتی ہی ہے
پر شجر و حجر بھی ساتھ ہوتے ہیں۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۶۴۴

سینہ میں خنّاس کا وسوسہ
ہر وقت موجود رہتا ہے اور
سینہ ہی میں سکینہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۴۵

ششماھی فری آئی کیمپ دار الاحسان

یہ صدقات و خیرات کا لنگر ہے
نادار و لاچار و بیمار مخلوق کے لیے وقف و مخصوص ہے۔

نہایت احتیاط سے چل ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۲۶

اتنا عمدہ سودا اور مُفت !

مُفت لینے والے کو اس کی قدر نہیں ہوتی ۔

یونہی سمجھ کر ضائع کر دیتا ہے ۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

۶۶۲۷

یہ ذکرِ الٰہی کی مجلس ہے

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم

فرماتے ہیں :

اللہ کے ذکر کی مجلس میں شفا ہے اور لوگوں کی

باتوں میں بیماری ۔

میں نے تو کوئی بھی بات نہیں کرنی ۔

توبہ کرتا ہوں۔
آپ نے کرنی ہے تو گھر جا کے کریں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۴۸

ایمان ایک قول ہے
یقین ہی نے اِس کی تصدیق کی
اور یقین ہی سے مستحکم

یا حیی یا قیوم

الحمد للہ الحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۴۹

ایمان نعمت ہے

یقین - ایمان کی جان

اگر یقین نہیں تو کیا ہے ؟

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۴۶۵۰

محبّت مرکر بھی کبھی نہیں مَرتی
کسی نہ کسی رُوپ میں زندہ اور قائم
رہتی اور رنگا رنگ کے رنگ بدلتی رہتی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan4132.com

۶۶۵۱

نج وہ ہے جو کسی کلام کا فیصلہ کرے ۔
یہ حق ہے، یہ نا حق ۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۵۲

حبیبؐ صلے اللہ علیہ وسلم

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم !
ہم خاک نشینوں کا کسی نے کیا حساب لینا ہے !
کوئی بھی عمل میزان کے اعتبار سے معیاری نہیں۔
ناقص، بودا ـــــــ کسی بھی کام کا نہیں۔

فضل وکرم ہی کا محتاج ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۴۶۵۲

اللہ کا فقیر وہ ہے

جس کی نظر میں یار و اغیار بیگانہ ہوتے ہیں۔
جو اللہ کے سوا کسی سے بھی کوئی دلچسپی نہیں رکھتا۔
یوں ــــــ جیسے کوئی دوسرا ہے ہی نہیں۔

جو اپنی ہر حاجت اپنے اللہ ہی سے مانگے
اور کسی بھی معاملہ میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے
اور جس کا کوئی دَم بھی غفلت میں نہ گزرے یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۵۴

جہادِ اکبر کے میدان سے بھاگنا حرام ۔
جہادِ اکبر کی کوئی معیاد نہیں ہوتی۔
تادمِ آخر جد و جہد جاری رہتی ہے ۔
اور فتح و شکست بھی اللہ ہی کی قدر پہ مقدور
ہوتی ہے ۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۵۵

کیڑی سے

بی کیڑی! ذرا یہ تو بتا تجھے کیا ہوا ہے ؟
سارا دن ساری رات کیا مصیبت پڑی ہے
جو دانے ڈھو ڈھو کر انبار لگاتے جاتی ہو

حالانکہ خود سال بھر میں بھی ایک تنکا نہیں کھاتی ؟
کیڑی بولی : یہ بھی بھلا کوئی پوچھنے کی بات ہے،
ذرا اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر تو دیکھ
کہ تیرے کھانے کے لیے دو روٹی کافی نہیں ؟
پھر بھی سینکڑوں من غلّہ جمع کیے جاتے ہو
اور اسی کی خاطر در در بھاگے پھرتے ہو !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۵۶

وَہبی علوم اکتسابیت کی حدود سے ماوراء ہوتے ہیں۔

*

اگر اکتسابیت میں وہبیت موجود نہ ہوتی ،

www.darulehsan

علوم و فنون کی دُنیا میں کوئی کیف نہ ہوتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۵۷

زیب و زینت کا حشر دیکھنا ہو تو رُوڑی پہ جا کے دیکھ۔　　یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۵۸

یہ دُنیا ہے۔
دنیا کی ہر شے میں دُنیا ہوتی ہے،
دین کا نام تک نہیں ہوتا ——
اگرچہ دین ہی کے نام پہ رچائی ہوتی ہے۔

مردار وملعون کو اندر مت رکھ
باہر گھسیٹ کر روڑی پہ پھینک۔

وما علینا الا البلاغ

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۵۹

جہادِ اکبر میں ذِکر ہوتا ہے،
ذکر کی مجلس قائم ودائم رہتی ہے۔
جسم الوجود کے اندر رہنے اور بسنے والے
کافِر، مُشرک اور
مُنافِق اس میں شامل نہیں ہوتے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulfaqr132.com

۶۶۶۰

زندگی جہاد ہے۔
جہاد میں کوئی بھی شئے بچا کر نہیں رکھی جاتی۔
محاذ ہی پہ پیش کر دی جاتی ہے۔
مال و دولت تو چیز ہی کیا ہوتے ہیں،
جان تک کی بازی لگا دی جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۶۱

ذکر کا تیر اور خصوصاً زہریلا تیر
شیطان و خنّاس ہی پہ لگے اور اللہ کرے
ایسا لگے کہ پھر کبھی جانبر نہ ہو۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan1...com

۶۶۶۲

مجاہد کی ہر شے اللہ ہی کے حوالے ہوتی ہے۔
اگر مگر کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔
اور روح و نفس کی جنگ کے قائد
میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم قائد العرفان
ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۶۶۳

یہ رفاہِ عامہ ہے اور جنگل۔
جب بھی کسی خاتون نے یہاں آنا ہو،
باپ بیٹا بھائی شوہر
ساتھ ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۶۶۶۴

خیال سے کوئی فارغ نہیں ہوتا۔

*

اصلی فراغت خیال کی فراغت ہے

*

خیالات متحد نہیں ہوتے اور متحد نہیں رہتے۔

*

جونہی متحد ہوتے
یکسو ہوتے
بلند ہوتے

*

خیالات کی بلندی نے ہی زندگی کا
نیا باب کھولا

عِلم و
حِکمت و
عِشق و
رِقّت

کے جملہ ابواب کی اِفتتاح خیال ہی نے کی

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۶۵

قرآنِ کریم اور حدیثِ مطہرہ کے سوا ہر کتاب کی تصنیف وتالیف ـــــــ خیال ہی معرضِ وجود میں لایا۔

ـــــ٭ـــــ

اور یہ اِنسانی معراج نہیں تو کیا ہے ؟

www.daruehsan12.com

خیال جب ہر خیال سے بیزار ہوجاتا ہے، بیدار ہوجاتا ہے۔

ایک ہی میں مدغم ہو کر سرفراز ہوجاتا ہے

جملہ ایجادات خیال ہی کی مرہونِ منت ہیں۔

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۶۶۶۶

اللہ جب کسی بندے کے خیال کو اپنی طرف متوجہ فرما لیتے ہیں، ہر خیال جلا کر اکسیر بنا دیتے ہیں ورنہ کوئی اور سبیل کبھی کارگر نہیں ہوتی۔

www.darulehsan1...com

اللہ —— بندے کو نہیں، خیالات کو بدلا کرتے ہیں۔
خیالات بدلے گویا ساری خدائی بدلی۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۶۷

خیالات اگر دُنیا ہی کیطرف متوجہ رہے
مُلعون و مُردار سے پاک نہ ہوئے
کوئی عِرفان نہیں، نفس و شیطان و خنّاس ہی کا
دھوکا و فریب ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۶۸

جو تیری پروا نہیں کرتا، تیری ذات کی قسم!

ہم بھی اس کی کبھی پروا نہیں کرتے۔

واللہ باللہ تاللہ ماشاءاللہ

تیری پروا ہی کے باعث ہم ہر کسی کی پروا کرتے ہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۴۶۹

ہم نے دُنیا کی کوئی بھی چیز اگرچہ ملعون و مردار ہو، کبھی ترک نہیں کی۔ کسی نے بھی کبھی نہیں کی، ہر شے کے انبار لگاتے رکھتے ہیں اور جب تک کوئی ملعون و مردار کی بدبو سے دُور نہیں ہوتا، رحمت کی خوشبو کیونکر آسکتی ہے؟

ملعون کسی بھی رنگ میں ہو، ملعون ہے اور
مردار کسی بھی حال میں ہو، مردار ہے۔
جب تک کوئی ملعون و مردار سے کلیتاً پاک نہیں
ہوتا، قرآنِ عظیم اور سنتِ مطہرہ کے نور سے کیسے
منوّر ہو؟

تیرے پاس ہر شے ہے، ملعون و مُردار سے
اِجتناب نہیں۔ یاحیّ یاقیّوم

طریقت اسلام کا ایک امتیازی نشان تھا،
اس میں بھی جا داخل ہوا۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاتہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

❁

• حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ ان کے پاس کھجوروں کا ایک ڈھیر لگا ہوا تھا۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا۔ بلال یہ کیا ہے ؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ایک چیز ہے جسکو میں نے کل کے لیے جمع کیا ہے یعنی آئندہ کے لیے آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو اس سے نہیں ڈرتا کہ اس کا بخار بنے دوزخ کی آگ میں قیامت کے دن ؟ بلال ! اس کو خرچ کر دے اور عرش عظیم کے مالک سے افلاس و فقر کا خوف نہ کر (بیہقی)

❁

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے زمانہ میں، میرے پاس، آپ کے چھ یا سات دینار تھے (اشرفیاں) آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ان کو تقسیم کر دوں لیکن آپ کے درد یا بیماری نے مجھے مشغول رکھا اور میں ان کو تقسیم نہ کر سکی - اس کے بعد حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا کہ وہ چھ یا سات اشرفیاں کیا ہوئیں؟ میں نے عرض کیا آپ کی بیماری کی مشغولیت کے سبب میں انہیں تقسیم نہیں کر سکی - پھر آپ نے ان اشرفیوں کو طلب فرمایا اور اپنے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا کیا اللہ کے نبی کا یہ خیال ہے کہ وہ اللہ عزوجل سے ملاقات کرے اس حال میں کہ یہ اشرفیاں اس کے پاس ہوں -

(احمد)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ میں حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کعبہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے۔ مجھے دیکھ کر آپ نے فرمایا: قسم ہے پروردگارِ کعبہ کی: وہ لوگ بڑے ٹوٹے (خسارے) میں ہیں۔ میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پہ فدا ہوں: وہ کون لوگ ہیں؟

فرمایا! مال کو زیادہ جمع کرنے والے مگر (وہ لوگ مستثنیٰ ہیں) جنہوں نے اِدھر اُدھر اور اس طرف یعنی اپنے آگے پیچھے اور دائیں بائیں خرچ کیا اور ایسے لوگ کم ہیں۔ (بخاری و مسلم)

﴿۵﴾

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ میں
نے مدینہ میں حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے
ساتھ عصر کی نماز پڑھی۔ آپ سلام پھیر کر فوراً اُٹھے
اور لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے اپنی بعض
ازواج کے گھر کی طرف متوجہ ہوئے۔ لوگ یہ دیکھ کر
گھبرا اُٹھے۔ جب آپ واپس آئے اور دیکھا
(کہ لوگ آپ کی سرعت سے حیران ہیں) تو فرمایا!
مجھے سونے کی ایک چیز یاد آگئی جو ہمارے پاس تھی۔
پس میں نے بُرا جانا کہ وہ چیز مجھے تقرب الٰہی سے باز
رکھے۔ پس میں نے اسکو تقسیم کردینے کا حکم دے
دیا۔ (بخاری)

www.darulehsan.com

*

❁

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے
حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے
کہ ہر قوم اور ہر اُمّت کے لیے ایک فتنہ ہے
(یعنی ہر قوم اللہ کی طرف سے کسی چیز کے فتنہ میں
ڈال کر آزمائی جاتی ہے) اور میری اُمت کا فتنہ
(یعنی اللہ کی طرف سے آزمائش) مال ہے۔

(ترمذی)

❁

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اہلِ صُفّہ میں
سے ایک آدمی نے وفات پائی اور ایک دینار
چھوڑا۔ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ
ایک دینار ایک داغ ہے۔ حضرت ابو امامہ رضی اللہ

تعالیٰ عنہ، کہتے ہیں کہ کچھ دن بعد اصحاب صفہؓ میں سے ایک اور شخص نے وفات پائی، اس نے دو دینار چھوڑے۔ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دو دینار دو داغ ہیں۔

(احمدؒ - بیہقی)

❀

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دنیا اس شخص کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہیں اور مال اس شخص کا ہے جس کا (آخرت میں) مال نہیں اور مال وہی شخص جمع کرتا ہے جس میں عقل نہیں۔

(احمدؒ - بیہقیؒ)

❀

www.darulehsan132.com

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہارے فقر و افلاس سے نہیں ڈرتا بلکہ اس سے ڈرتا ہوں کہ دنیا تم پر کشادہ کی جائے گی جس طرح ان لوگوں پر کی گئی تھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ پھر تم دنیا کی طرف رغبت کرو گے جس طرح تم سے پہلے لوگوں نے رغبت کی اور پھر یہ دُنیا تمہیں (اسی طرح) ہلاک کر دے گی جس طرح اِس نے اُن کو کیا۔ (بخاریؒ۔ مسلمؒ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب آفتاب طلُوع ہوتا ہے تو اس کے دونوں پہلوؤں میں دو فرشتے ہوتے ہیں جو پکارتے اور مخلوقات کو سناتے ہیں

ان کے پکارنے کی آواز کو ساری مخلوق سنتی ہے مگر جنّ اور انسان نہیں سنتے۔ وہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ لوگو! ا ا پنے پروردگار کے حکم کی طرف رجوع کرو اور اس بات کو جان لو جو مال کم ہو اور کافی ہو، وہ اس مال سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور لہو ولعب میں ڈالے۔ (ابو نعیمؒ)

❀

حضرت ابو درداء اور حضرت ابو خلاد رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ کسی بندہ کو دُنیا میں زُھد (دنیا سے بے رغبتی) اور کم گوئی عطا کی گئی ہے تو اس سے قریب حاصل کرو اس لیے کہ اسے حکمت سکھائی گئی اور دی گئی ہے۔

(بیہقیؒ)

❀

www.darulehsan122.com

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی ایسا عمل بتلا دیجئے کہ میں جب اسے کروں تو اللہ اور اللہ کے بندے مجھ سے محبت کریں۔ آپ نے فرمایا۔ دنیا کی طرف رغبت نہ کر، اللہ تجھ سے محبت کرے گا اور اس چیز کی خواہش نہ کر جو لوگوں کے پاس ہے۔ لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جس شخص نے دنیا میں زہد اختیار کیا (یعنی دنیا سے بے پرواہی کی) اللہ تعالیٰ

نے اس کے دل میں حکمت پیدا کی، اس کی زبان کو گویا کیا۔ دُنیا کے عیوب، دنیا کی بیماریاں اور ان بیماریوں کا علاج اسے سکھایا اور پھر اس کو دنیا سے سلامتی کے ساتھ دارالسلام کی طرف لے گیا۔ (بیہقی)

❁

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ! جب اللہ تعالے کسی بندہ سے محبت کرتا ہے، اس کو دنیا سے بچاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی شخص اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔ (احمدؒ ترمذیؒ)

❁

www.oqrulahsan132.com

۶۶۷۰

بیماری کوئی بھی ہو

علاج کیسا بھی ہو

شفاء اللہ کی طرف سے ہوتی ہے

اگر علاج پہ شفا ہوتی تو بادشاہ اور حکیم کبھی

بیمار نہ ہوتے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۷۱

یہ کتاب ہے

کوئی کتاب خود نہیں بولتی۔

بلانے ہی پہ بولا کرتی ہے یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۷۲

کمترین کی خدمت بہترین خدمت ہوتی ہے

—*—

امیر کسی بھی خدمت کو کسی خاطر میں نہیں لاتا، کوئی قدر نہیں کرتا۔ اپنا حق سمجھے ہوئے ہوتا ہے۔

—*—

امیر بات بات پہ غریب کا محتاج ہوتا ہے

—*—

دُنیا میں اگر غریب نہ ہوتے، امیر کا کوئی کام نہ چلتا۔

—*—

امیر کی امارت غریب ہی کی مرہونِ مِنّت ہے۔

—*—

اور غریب ہی نے کائنات کو بسایا اور گرمایا ہوا ہے۔

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

یاحیّ یاقیوم

۴۴۷۳

غریب اگر عقل مندی سے کام لے تو کسی بھی طرح امیر سے کم نہیں ہوتا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
والله ذوالفضل العظيم

www.waqarehsan132.com

۴۴۷۴

خنّاس بولا: اگر میرا دفتر بالکل ہی بند ہو گیا تو پھر میں کیا کروں گا؟ دُنیائے دوں کے جملہ دفاتر میرے ہی دم قدم سے رواں دواں ہیں۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
والله ذوالفضل العظيم

۶۶۷۵

یہ دُنیا تو پھر کوئی اور دُنیا ہوگی ۔!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۷۶

"اسلام میں فرقہ واری نہیں ـــــ اگرچہ بہتر ۷۲ فرقوں میں بٹا ہوا ہے"! یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۶۷۷

نفاست ، انسانیت کی مقبولِ عام فطرت ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

www.drdrulehsan132.com

۶۶۷۸

اسلام نے ذخیرہ اندوزی کو کسی بھی دَور میں کبھی پسند نہیں کیا۔ مال ہو یا منال، ہمیشہ ضرورت ہی پہ اکتفا کیا۔ یہی اسکی ازلی تاریخ ہے اور ہر دَور کے مؤرخ نے اسکی تصدیق وتائید کی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۷۹

جو آدمی اجل کی موت سے نہیں مرتا، قضا کی موت سے مرتا ہے۔ جب تک اسکی اجل کی موت کا وقت پورا نہیں ہوتا، قبر میں زندگی گزارتا ہے۔ اور اللہ ہی جانتے

ہیں کہ ایسی زندگی کیسی ہوتی ہوگی۔ یا حیی یا قیوم

واللہ اعلم بالصواب

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۸۰

حال اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہوتا ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۸۱

کام تو کوئی نہیں، بار بار بلانا اور بلاتے ہی رہنا محبت ہی کی ایک علامت ہوتی ہے۔

——— اسی طرح جھڑک

www.darulhsz132.com

فطرت نے اس کو مان لیا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۸۲

آمد کا اِنتظار ہوتا ہے
رخصت پہ حسرت

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۶۸۳

تیرے طویل خطوط نے داڑھی کے حُسن کو
مسخ کر ڈالا۔! یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْغَفُوْرِ ہ
کا یہ مطلب ہے کہ جو کسی بھی طرح
مغفرت کا مستحق نہیں ، اُسے بھی
بخش دیتا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۴۶۸۵

خاکی اور سبز قُدرتی رنگ ہیں۔
مٹی ___ خاکی ، سبزہ ___ سبز ہوتا ہے،

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

www.darulehsan132.com

۴۴۸۶

جس مال و دولت اور جاہ و حشمت کی خاطر دنیا ماری ماری پھرتی ہے ——

فقر نے کہا: میں اس پر تھوکتا بھی نہیں۔ اور کسی بھی انداز میں اسے کبھی قبول نہیں کرتا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۴۴۸۷

آدم علیہ السّلام سے لے کر آج تک فقر کسی بھی دَور میں میر و سُلطان کے حضور میں کبھی حاضر نہ ہوا اور کسی بھی جاگیر کو کبھی قبول نہ کیا۔ کوشش کی تو بھاگ گیا۔

www.dawatehsan132.com

تاریخ نے اس کو مان لیا کہ سچ ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۸۸

تلچھٹ ایک شاعرانہ تخیل ہے
ورنہ جسے بھی کوئی جام پلایا جاتا ہے
رج کر پلایا جاتا ہے، تلچھٹ کا نام تک نہیں ہوتا۔
یہ میرے ساقی، میرے آقا!
روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قدیم سنت ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۴۶۸۹

سُبْحَانَ الْعَزِيْزِ الْكَرِيْم کا یہ مطلب ہے
کہ کائنات کی کوئی بھی شئے کرم سے مستغنی نہیں
ہر شئے کرم کی محتاج ہے، ہر حال میں کرم ہی
کارفرما۔

---*---

بعض کام، اگرچہ دیکھنے میں کرم کے منافی ہوتے
ہیں، عین کرم ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۴۶۹۰

تیرے لیل و نہار
تیرا مال و اسباب
جن پر تو پھولے نہیں سماتا

www.darulehsan132.com

شیطان و خنّاس
ہی کے مشورے کے تحت
نقل و حرکت پہ گامزن ہیں۔
اور ملعون و مردار ہی کے لیے تقویت بخش۔

ترقی ہے یا زوال ؟
اس ترقی میں اللہ کے ذکر کا نام تک نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۹

ایک ایک بات کو سُن !
ایک ایک چیز کو دیکھ !
خود ہی بیتا !

www.darulihsan132.com

یہ ملعون نہیں تو کیا ہے ؟
مُردار نہیں تو کیا ہے ؟
ان سے دُور رہنا اور باز رہنا ہی عین
اسلام ہے - یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۴۹۲

تیرے جسم الوجود کے اعضاء
تیرے کارخانہ کے اوزار و ہتھیار ہیں۔
امر و نہی پہ چلا - یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۴۹۳

ایسا ذکر جیسے مُردوں کی تمنّا ہوتی ہے ، کر

مرُدے اللہ کے سوا کسی اور طرف کبھی التفات نہیں کرتے، ذکر ہی میں محو و منہمک رہتے ہیں۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۶۹۴

جس نے کسی کو دیکھا ہی نہیں، اس کی بابت کیا لکھ سکتا ہے! دیکھنے والے ہی دیکھنے والوں کی بابت لکھ سکتے ہیں اور دیکھنے ہی سے محبت پیدا ہوتی ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۴۶۹۵

کون کہتا ہے یہ رہبانیت ہے؟

www.qurumbsari32.com

اسلام کی روح کو گرمانے کی دھونی ہے۔
یہی تپش زندگی کی حرکت اور اسی میں
عین برکت۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۹۶

جمال کا کوئی نعم البدل نہیں۔

اے خسروِ خوباں! تیرا جمال ہی
صحرا نوردوں کا حج ہوتا ہے۔
یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۶۹۷

حال
ظاہر و باطن کا مظہر

اللہ حال میں رہتا ہے

حال میں ہدایت ہوتی ہے
اور فضل

حال ہی میں رحمت ہوتی ہے
اور برکت

حال میں ہر شے ہوتی ہے

بسط

قبض

فراخی

تنگی

راحت

کرَب

سکون

اِضطراب

جس نے بھی دیکھا ،

www.darulehsan132.com

حال ہی میں دیکھا،

جس نے بھی پایا، حال ہی
میں پایا۔

حال کو زندہ رکھ

ہر حال میں شکر
عین عبادت ہے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۶۹۸

جمالِ جاناں سے کبھی کوئی سیراب نہیں ہوتا
بھانویں دن میں کئی کئی بار ہو - ہنوز تشنہ !

—✻—

اوتے جمال نہیں ، جمال کے تو ہم متحمل ہی نہیں،
البتہ جمال کے اُمیدواروں میں تیرا نام بولے

—✻—

سیّونی ساڈے بنیرے اُتّے کاں بولدا
ساڈا اوہدے غلاماں وچ ناں بولدا۔

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۶۶۹۹

پشیمانی عین توبہ ہے - یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

٦٧٠٠

توند پھُولے نہ پھُولے،

رَست ہو نہ ہو،

جوشش کبھی کم نہ ہو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفضل العظيم

٦٧٠١

زِندیقیت نہ ہوتی

صدیقیت کبھی پروان نہ چڑھتی

نظر لگتے لگتے، گرتے گرتے گر جاتی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفضل العظيم

۶۷۰۲

بڑے میاں !

یہی تو وہ دنیا ہے جسے ساری دنیا
دنیا کہتی ہے۔ اور دنیا کیا ہوتی ہے ؟

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۰۳

درگزر فرمانا، معاف کرنا اور پردہ پوشی
میرے اللہ کی شان ہے
فقر کو یہ خصلت ورثہ میں ملی
اللہ کرے ہمیں بھی ملے

اِنتقام کوئی مردانگی نہیں

هدایت میں کوئی کمی نہیں
جانتے ہیں ، مانتے نہیں

یاحیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۶۷۰۲

آج تجھے یہ نہ بتائیں
کہ تیرے دین کا سب سے بڑا فتنہ
کیا ہے ؟ مال کا ذخیرہ

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرّازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۶۷۰۵

ذخیرہ اندوزی فتنے کا موجب بنتی ہے

سیرتِ صحابہؓ ملاحظہ ہو :

کل کے لیے ایک کھجور تک جمع نہ رکھتے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۰۶

خاکی جسم الوجود تو روح کے
کسی بھی کام نہیں آنا ،
کیڑوں ہی نے کھانا ہے !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darululoom...

۶۷۰۷

یہ باتیں جو تم لکھتے ہو اور کہتے ہو کہ میں
لکھتا ہوں
کسی ایک بات کو لکھ کر تو بتا

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
واللهُ ذُو الفضلِ العظيم

۶۷۰۸

یہ رفتار نہ تیری ہے نہ میری، اُن کی ہے۔

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
واللهُ ذُو الفضلِ العظيم

www.dawlehsan132.com

۶۷۰۹

خنّاس کی جمعیّت برہم ہونے لگی
وساوس کے جام الٹنے لگے
نفس کی سرکشی دم توڑنے لگی
شیطان کا راج ختم ہونے لگا
اپنی دنیا اجڑتے دیکھ کر، شیطان
اپنے سر پہ راکھ ڈالنے لگا
ڈھائیں مار کر رونے لگا
میرے حصار مسمار ہونے لگے
میرے دفاتر بند ہونے لگے
میرے قلعے اجڑنے لگے
میرے خواب شرمندہ ہونے لگے
میرے منصوبے باطل ہونے لگے
میری رات ڈھلنے لگی

قندیلیں بجھنے لگیں

سناٹا ٹوٹنے لگا

ہنگامہ سحر گرم ہونے لگا

نسیمِ سحر شبنم سے منہ دھونے لگی

شاخیں جھومنے لگیں

پتے بجنے لگے

پرندے چہچہانے لگے

سورج ابھرنے لگا

نقارے پہ چوٹ پڑی

ایک غلغلہ بلند ہوا

ہاتف نے ندا دی

زندگی کو نئی صبح کا مژدۂ جانفزاء مبارک ہو۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للہ الحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

www.darulehsan13...com

۶۷۱۰

یہ اللہ کی راہ ہے
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے چلا چل

یہ اللہ کا ذکر ہے
محو رہ

یہ دین کی تبلیغ ہے
جاری رکھ

یہ مخلوق کی خدمت ہے
کیے جا

یہ دُور کی منزل ہے، پر کوئی دُور نہیں۔

www.darulehsan132.com

طے ہونے پر آئے تو دم بھر میں ہو جائے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۱۱

طریقت کی اصل —— شیخ سے محبت
طریقت کا عروج —— فنا فی الشیخ

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۱۲

مُدعا مت بدل
طریق مت بدل
اسباق مت بدل

www.darulehsan132.com

راہ مت بدل اگرچہ کڑی ہو
منزل مت بدل اگرچہ کٹھن ہو
شیخ مت بدل اگرچہ ناقص ہو
احباب مت بدل اگرچہ بے وفا ہوں

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۱۳

اللہ کے کسی کام کی کوئی مخالفت نہیں کرتا، مگر شیطان اس الٰہی اصول پہ اپنی باہمی مخالفت کا جائزہ لو۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۱۴

ارض و سما کے مابین، منٹ منٹ کے وقفہ
میں حالات تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ یہ صبح تھی،
ہوتے ہوتے شام بن گئی۔ یہی کائنات کی زندگی
ہے۔ کوئی بھی دَم ایک سا نہیں رہتا،
رہ سکتا ہی نہیں۔ بدلنے پہ مجبور ہو جاتا ہے۔
تو بھی بدل۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
ھا للّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۷۱۵

دُنیا کو دین میں بدل

جو بھی شئے ملعون ہے، اسے بدل
اور جو بھی شئے مُردار ہے، اسے بھی بدل

www.darulehsan...com

دین نے قسم کھا کر فرمایا
یہ دنیا جس میں تم رہتے ہو، جھوٹی ہے۔

تبدیل کرنا چاہتے ہو تو دُنیا کو تبدیل کرو۔
دین میں دنیا کا نام تک نہیں ہوتا۔

وما علینا الا البلاغ

یاحیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۶۷/۱۶

آنے والو! جلد آؤ
کرنے والو! جلد کرو

تلقین ——— دلوں کو لبھانے اور
عمل ——— جوشش کو گھٹانے کی واحد سبیل

www.darulehsan12.com

تلقین عمل کی محتاج ہے
جب تک عمل جوش میں نہیں آتا، ناکام
رہتی ہے۔ وما علینا الا البلاغ

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۸۶

دین بولا
میں پاک ہوں
ملعون ومردار سے پاک ہو کر آ
اور میری برکات کا نزول دیکھ۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan432.com

۶۷۱۸

دُنیا، دین کی اور
دین، دُنیا کی ضد ہے۔

جب کسی مقام پہ دین آتا ہے
پُورے کا پورا آتا ہے
اور دُنیا کو مسمار کر کے آتا ہے

وما علینا الا البلاغ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۷۱۹

اَحسن دُنیا وہ ہے جو آخرت کے لیے
زادِ راہ ہو۔

دین کو تقویت پہنچانے کے لیے تن، من، دھن قربان کر۔

—◆✱◆—

دُنیا ہی میں رہ کر آخرت کمائی جاتی ہے۔

—◆✱◆—

اور دُنیا ہی میں رہ کر آدمیّت و انسانیّت و
بشریّت کا بول بالا کیا جاتا ہے۔

—◆✱◆—

آدمیّت و انسانیّت و بشریّت کا نمونہ انبیائے کرام
علیہم السلام ہی نے دیا کہ یہ دُنیا
احسن ہے ——— یہ ملعون
احسن کا استقبال کر اور ملعون سے اجتناب

—◆✱◆—

صدّیقین
شہداء

اور

صالحین

نے من و عن تائید و تصدیق کی

ملبوسات تیرے لیے

ماکولات تیرے لیے

مشروبات تیرے لیے

حکمت تیرے لیے

حکومت تیرے لیے

غرض دُنیا کی ہر شئے تیرے لیے

اور

تُو اللہ کے لیے ہے۔

وما علینا الا البلاغ

الحمد للحی القیوم　　فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۷۲۰

کسی نے بھی کسی کا کیا کرنا ہوتا ہے!

میرے اللہ ہی کُل مخلوق کے کرنے اور کرانے والے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
واللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۲۱

فقیر ازلی مہاجر الی اللہ ہوتا ہے۔
ہجرت فقیر کو ورثہ میں عنایت ہوتی ہے۔
ہجرت کی برکات اظہر من الشمس
حالیہ ہجرت میں نہر رکھ براہنچ کے
جن کھتاؤں نے میرا استقبال کیا،
میرا بھی حق ہے کہ انھیں ہمہ وقت ذکر و تبلیغ سے
معمور رکھوں۔

مزید کسی بھی زمین کی نہ مجھے ضرورت ہے نہ ہی
میں نے کبھی کسی سے لینی ہے اگر چہ مفت دے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۲

جنگل کی کانٹے دار جھاڑیوں نے مجھے خوش آمدید کہا۔
لپٹ لپٹ کر بولیں،
ہم تیری آمد کی شدت سے منتظر تھیں ——
اب نہ جانا ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم۔
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.daruehsan132.com

۶۷۲۳

فقیر کے منبر و محراب ـــــ درختوں کی شاخیں اور گھاس کا فرش قالین ہوتا ہے۔

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۴

تیری یاد ـــــ میری عبادت

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۵

کبھی یہ پانڈی تھا، اب ہل کا مالک ہے!

بگو! تو نے ترقی کیوں نہ کی؟

تیرا حال جوں کا توں رہا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۹

لنگر پکانے والی کا درجہ

ماں کے برابر ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۷

یہاں ذِکر و تبلیغ کا بین الاقوامی اجتماع
ہمیشہ زندہ اور قائم رہتا ہے، ماشاء اللہ
اِنس و جان ہمہ وقت حاضر و موجود۔ الحمد للہ
اور کافی ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۸

محنت ہنر کی محتاج نہیں ہوتی۔
ہر قسم کی مزدوری کر لیتی ہے۔
مٹی بھرائی اگرچہ ہمارے نزدیک کوئی
ہُنر مندی نہیں، عَین ہُنر مندی ہے۔

مزدور ہی ہنرمندی کی جان ہے۔ مزدور نہ ہوتے، کوئی ہنرمند کسی ہنرمندی پہ دسترس نہ رکھتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۲۹

اگر تو بھی نہ ہوتا ـــــ کوئی زندگی نہ ہوتی۔
ہوتی ـــــ مگر بے کیف
تیرے کرم ہی نے اس زندگی کو گرمایا اور رنگین بنایا ہوا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۷۳۰

غلام کے مطلب کی کوئی بھی شے مالک سے

www.darulehsan132.com

دور نہیں ہوتی۔ عنایت جاری رہتی ہے۔
بلا مانگے دی جاتی ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۷۲۱

یہ مقالات صرف منکے ہی نہیں، تمہارے گلوں میں موتیوں کی مالا ہیں۔ چاہو تو سینوں سے لگالو، چاہے مٹی میں رولو۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۷۲۲

بُھول کو بُرا مت جان

بھولنا آدم زاد کی فطرت ہے۔

جس نے بھی راہ پائی ، بھول کر ہی پائی۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۳۳

بڑے میاں! نیکی و بدی کا پرچار تو ہر دَور میں جاری رہتا ہے ، آدم کی تخلیق کا راز محبت ہے۔ محبت کی تلاش کر۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۳۴

محبت سترؔ ہزار اجمالی پردوں میں مستور رہ کر محبوب و محب میں جلوہ نما رہی

www.darulehsan132.com

کبھی بے نقاب نہیں ہوئی۔

زندیقیت کے لبادہ میں محبوبیت بن کر رہی اور کسی بھی انداز میں کبھی پہچانی نہ گئی۔

یا حیی یا قیوم

کہیں گسیادہ بن کر آئی کہیں بجادہ!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

سانحۂ کربلا

قومیں پیدا ہوتی ہیں، مٹ جاتی ہیں۔ بستیاں آباد ہوتی ہیں، اُجڑ جاتی ہیں۔ تہذیبیں بکھرتی ہیں، دھندلا جاتی ہیں۔ شخصیتیں پیدا ہوتی ہیں، مرجاتی ہیں داستانیں مرتب ہوتی ہیں، محو ہو جاتی ہیں۔۔۔ یہ عمل ابتدائے آفرینش سے جاری ہے اور مسلسل جاری رہے گا۔ لیکن ایک داستانِ الم ہے، جو تاریخ کے صفحات میں آج بھی اسی طرح روشن اور تابندہ ہے جس طرح آج سے تیرہ سو سال پہلے تھی۔ امتدادِ زمانہ کی گردش اور انقلاباتِ روزگار کی ہزاروں گردشیں اس داستانِ الم کو نہ مٹا سکیں اور نہ رہتی دُنیا تک مٹا سکیں گی۔

کیوں؟۔ اِس لیے کہ اِس داستانِ عظیم

کو لکھنے والی مقدّس شخصیت نے اسے اپنے خونِ جگر سے لکھا اور دشتِ کرب و بلا کے دمکتے ہوئے ذرّوں نے اس تحریر کو اپنے سینوں میں محفوظ کر لیا۔ تاریخِ عالم کے صفحات اس داستانِ عظیمہ کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہیں۔ اگر کسی میں حوصلہ ہے تو اس آفتاب کے سامنے اپنا دیا جلا کر تو دکھائے۔ فاطمہؑ کے لختِ جگر نے اپنے نانا کے مقدّس دین کے احیاء کے لیے قربانی کا جو بے نظیر معیار قائم کیا، کوئی اس کی مثال تو ڈھونڈ کے لائے! قتیلِ جادۂ حق و صداقت نے کمال صبر و استقامت سے ان آزمائشوں کو طے کیا جو اللہ ربّ العزّت نے اپنے ابدی پیغام میں متعین کیں اور بیان فرمائیں۔

وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ
وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ

www.alhassanain.com

وَ الْاَنْفُسِ وَ الثَّمَرٰتِ وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۔

اللہ تعالٰے تمہیں آزمائشوں میں ڈالے گا ۔ وہ حالت خوف و ہراس، بھوک اور پیاس، نقصان جان و مال اور ہلاکت اولاد و اقارب میں مبتلا کر کے تمہارے صبر و استقامت کو آزمائے گا ۔ پس اللہ کی طرف سے بشارت ہے ان لوگوں کے لیے جن کے ثبات استقامت کا یہ حال ہے کہ جب مصائب میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو اپنے تمام معاملات یہ کہہ کر اللہ کے سپرد کر دیتے ہیں

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ۔

اب ذرا میدان کربلا کی طرف آیئے اور قرآن کے آئینہ میں اس سانحۂ عظیمہ کی تصویر ملاحظہ کیجئے ۔

خوف و ہراس کا یہ عالم ہے کہ حدِّ نظر تک پھیلے ریگ زاروں میں خاندانِ رسالت کا یہ مختصر سا مقدس قافلہ درندہ صفت سفّاک انسانوں میں گھرا ہوا ہے۔ سورج کی شعاعیں پڑتی ہیں تو زمین کے ذرّے شرارے بن جاتے ہیں۔ دشمن کے نیزوں اور بھالوں کی چمک سے آنکھیں چندھیائی جاتی ہیں۔ بے نیام تلواریں اس مقدس قافلہ پر کوندی پڑتی ہیں۔ ہر نظر سفّاک اور ہر آنکھ گستاخ اور بے باک دکھائی دیتی ہے۔ شر کے اس طوفان بدتمیزی میں کسی ایک زبان سے بھی خیر اور مروّت کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ رات کی تاریکی شرپر لشکر کے گھوڑوں کی ہنہناہٹ سے اور بھی خوفناک بن جاتی ہے۔ سلامتی کے تمام دروازے بند

ہیں، لیکن کچھ پاک سر ہیں جو ایسے ماحول میں بھی جھکے ہوئے اپنے اللہ کی تسبیح بیان کر رہے ہیں۔

بھوک اور پیاس کا یہ عالم ہے کہ فرات کے کنارے گھوڑوں اور گدھوں کے لیے تو آزاد اور کشادہ ہیں، لیکن دوشِ رسولؐ کا سوار، جوانانِ جنت کا سردار، مسافرِ کرب و بلا، مظلومِ نینوا، اپنے قبیلہ کے ساتھ پانی کے ایک ایک قطرے سے محروم ہے۔ اہلِ بیت کے خیموں سے العطش العطش کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں۔ ننھے بچے پیاس کی شدت سے نڈھال ہوئے جا رہے ہیں۔ لیکن حکم ہے کہ حسینؑ اور اس کے اہلِ بیت تک فرات کے پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پہنچنے پائے۔

وہ دیکھو۔ عباسؑ علمدار مشکیزہ کندھوں پر ڈالے

کس جرأت و پامردی سے لڑتے بھڑتے نہر کے
کنارے پہنچنے میں کامیاب ہو گئے کہ پیاسوں کا
بلکنا دیکھا نہیں جاتا ـــ مشکیزہ بھر لیا ہے۔ چونکہ خود
بھی پیاسے ہیں، چاہا کہ پیاس بجھالیں لیکن ـــ یہ
کیا؟ ـــ چلو بھر کر پھر کیوں اچھال کر پھینک دیا ؟
ہاں! وفاداری اور رفاقت کی پاسداری پیاس کی
شدت پر غالب آگئی ہے ـــ حسینؑ پیاسے ہیں،
ان کے بچے پیاسے ہیں، پردہ نشین بیبیاں پیاسی
ہیں، سکینہؑ پیاسی ہے، بیمار عابد پیاسا ہے زہرائے
ثانی جناب زینبؑ کے لختِ جگر عونؑ اور محمدؑ پیاسے
ہیں، ایسے میں عباسؑ کے حلق سے پانی کا یہ چلو کیسے
اتر سکتا ہے؟ پھر کر اچھال دیا اور مشکیزہ سنبھال،
علم تھامے خیمہ گاہ سادات کی طرف روانہ ہو گئے

دشمن نے یلغار کی۔ گھمسان کا رَن پڑ گیا ہے۔
وہ دیکھو عباس کا دایاں بازو کٹ کر دُور جا پڑا ہے۔
لیجئے۔۔ وہ بائیں بازو سے بھی محروم ہوگئے۔ مشکیزہ
تیروں سے چھلنی ہوگیا ہے۔ مُنہ میں تھاما ہوا عَلَم گرا
جا رہا ہے۔ اس سے پہلے کہ حسین بھائی کی مدد کو
پہنچیں صدق و صفا کا یہ پیکرِ حق رفاقت ادا کر کے
اپنے خالقِ حقیقی کے پاس جا پہنچا ہے۔ خیموں سے اب
بھی تسبیح و تہلیل کی صدائیں آ رہی ہیں۔
نقصانِ جان و مال اور ہلاکتِ اولاد و اقارب
کی تفسیر جو نواسۂ رسول نے میدانِ کربلا کے سینے
پر تحریر کی، اس کی مثال کون پیش کر سکتا ہے؟
وہ دیکھو گنجِ شہیداں۔۔ جہاں گلشنِ رسولؐ کا ایک
ایک پھول اور ایک ایک کلی خون میں نہائی پڑی

ہے ۔ علی بن حسین ، عبداللہ بن حسین ، قاسم بن الحسن
عبداللہ بن الحسن ، ابوبکر بن الحسن ، عباس بن علی ، عبداللہ
بن علی ، عثمان بن علی ، محمد بن علی ، ابوبکر بن علی ، جعفر
بن علی گویا علیؓ کا پورا گھرانا لٹ گیا ہے ۔

زینب بنت علی کی گود بھی خزاں کی اس چیرہ
دستی سے نہیں بچی ۔ اس کے دونوں کم سن لخت جگر
بھی گنج شہیداں میں سرخرو پڑے ہیں ۔ اِدھر آلِ
عقیل بھی گلگوں قبائیں اوڑھے پڑی ہے ۔ جعفر بن
عقیل ، عبدالرحمٰن بن عقیل ، عبداللہ بن عقیل ، محمد بن مسلم
بن عقیل ، عبداللہ بن مسلم بن عقیل ، محمد بن ابی سعید بن عقیل
یہ وہ مقدس و محترم ہستیاں ہیں جن کی دہلیز پر فرشتے
بھی بلا اجازت پر نہ مار سکتے تھے ، اور آج ۔۔۔ کربلا
کی ریت پر خون میں نہائے پڑے ہیں ۔

www.darulehsan132.com

ذرا قدم آگے بڑھائیے ۔ میدانِ کار زار کا رنگ
بھی قابلِ دید ہے ۔ جہاں ہر طرف خونِ شہیداں
سُرخ پتیوں کی طرح بکھرا پڑا ہے ۔ بے برگ و گیاہ
صحرا اس گل پاشی سے رشکِ چمن بنا ہوا ہے
گویا جگہ جگہ لالۂ صحرائی اُمڈ پڑے ہیں اے خاکِ کربلا !
اپنی اس سرخروئی پر ناز کر کہ تو خونِ مقدس کی امین بنی ۔
نواسۂ رسول کے بہادر ساتھیوں نے تیرے سینے پر
تاریخ کے انمٹ نقوش بنا ڈالے ہیں ۔ حبیب
بن مظاہر، حر بن یزید، بریر بن حصین، عبداللہ
بن عمیر الکلبی، مسلم بن عوسجہ، زہیر بن القین، حنظلہ
بن اسعد کے لاشے جرأتوں اور عظمتوں کی کہانیاں
کہہ رہے ہیں ۔
یہ محترم خاتون اُمِّ وہب کا لاشہ بھی تو ادھر پڑا

ہے، جو اپنے مقتول شوہر عبداللہ بن عمیر الکلبی کے چہرے سے گرد صاف کر رہی تھی کہ کسی شقی القلب کی تلوار نے اسے وہیں کاٹ کر دھر دیا۔

ٹھہر اے چشم فلک! مجھے ان شہیدوں کو ہدیۂ عقیدت اور سلام شوق پیش کر لینے دے۔ میرے پاؤں لڑکھڑا رہے ہیں۔ مجھ میں ابھی نہ آگے بڑھنے کی طاقت ہے اور نہ کسی اور دلخراش منظر کو دیکھنے کی تاب۔ تو نے اس دھرتی پر لاکھوں قافلے لٹتے دیکھے ہوں گے۔ لاکھوں مظلوم قتل ہوتے دیکھے ہوں گے۔ شاید اسی لیے تیری آنکھیں پتھرا چکی ہیں کہ ان سے اشک جاری نہیں ہوتے۔ لیکن بتا تو سہی۔ تو نے کسی کو یوں جرأت و پامردی سے آگے بڑھ کر موت کو یوں گلے سے لگاتے دیکھا؟

کسی نے یوں رسمِ وفا نبھائی؟ اور یوں حقِ رفاقت ادا کیا؟ کسی نے یوں بے سروسامانی میں، بھوک اور پیاس کی شدت کے باوجود ایسی جرأت کا مظاہرہ کیا؛ اِدھر گنتی کے چند نفوس ہیں، اُدھر ہزاروں کا لشکر!

اے شہیدو! میں تمہاری عظمت کو سلام کن الفاظ میں کہوں! میں تمہاری غیرت وحمیّت کو کس طرح خراجِ تحسین پیش کروں؟ میرے پاس وہ الفاظ ہیں نہ زبان کو یارا۔ تم نے اللہ کے دین اور رسول ﷺ اللہ کے ناموس پر جس طرح پروانہ وار اپنی جانیں نثار کیں، اس کا اجر تمہیں اللہ کے سوا کون دے سکتا ہے اور اس کی قدر سوائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کون جا سکتا ہے؟

آواز آئی ۔ یہیں مت ٹھہر جا۔ سینے کو تھام کر قدم ذرا آگے بڑھا۔ وہ دیکھ کچھ دُور ایک اور لاشہ پڑا ہے۔ سب سے الگ تھلگ — اسے پہچاننے کی کوشش کر!۔ مگر اس کا سر تن سے کاٹ لیا گیا ہے۔ اور لاشے کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے یوں روند ڈالا گیا ہے کہ پہچان مشکل ہے۔ ہڈیاں پسلیاں ٹوٹ ٹوٹ کر خمیدہ ہو چکی ہیں۔ جسم سے لباس نوچ کر تپتی ریت پہ برہنہ ڈال دیا گیا ہے۔ لیکن دیکھو۔ اس تمام تر برہنگی اور بیچارگی کے باوجود لاشے سے ایک عظمت پھوٹی پڑتی ہے۔ یہ باوقار لاشہ یقیناً کسی شہزادے کا ہے، سردار کا ہے۔ سنو سنو! یہ کیسی آواز ہے جو صحراؤں کی وسعتوں کو چیرتی

www.ozulehsan132.com

ہوئی خلاؤں میں اُبھر رہی ہے، جس نے کربلا کی فضاؤں میں ارتعاش پیدا کر دیا ہے؟ پرندے ٹھہر گئے ہیں۔ ہوائیں ساکن ہو گئی ہیں۔ دھوپ کی رنگت زرد پڑ گئی ہے۔ غور سے سنو اور اس کے ایک ایک لفظ کو ذہن میں محفوظ کر لو کہ مستقبل کا مؤرخ ان الفاظ سے تاریخ کو کچھ نئے عنوان دے گا۔

سنو۔ کہنے والا کہہ رہا ہے۔

لوگو! میرا حسب نسب یاد کرو۔ سوچو، میں کون ہوں پھر اپنے گریبانوں میں منہ ڈالو! اور اپنے ضمیر کا محاسبہ کرو! خوب غور کرو۔ کیا تمہارے لیے میرا قتل کرنا اور میری حرمت کا رشتہ توڑنا روا ہے؟ کیا میں تمہارے نبی کی لڑکی کا بیٹا اور اس کے عم زاد کا بیٹا نہیں ہوں؟ کیا سیدالشہدا حضرت حمزہؓ میرے باپ کے چچا نہیں تھے؟

کیا فداالبنا حین جعفر طیار میرے چچا نہیں ہیں ؟ کیا تم نے جنابِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ مشہور قول نہیں سنا کہ آپ میرے اور میرے بھائی کے حق میں فرماتے ہیں۔ " سید شباب اہل الجنۃ "

اگر میرا یہ بیان سچا ہے اور یقیناً سچا ہے کیونکہ واللہ میں نے ہوش سنبھالنے کے بعد سے آج تک کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ تو بتلاؤ کیا تمہیں یوں برہنہ تلواروں سے میرا استقبال کرنا چاہیئے ؟ اگر تم میری بات کا یقین نہیں کرتے ، تو تم میں ایسے لوگ موجود ہیں جن سے تم میرے قول کی تصدیق کر سکتے ہو جابرؓ بن عبداللہ انصاری سے پوچھو۔ ابو سعید خدریؓ سے پوچھو سہلؓ بن سعد ساعدی سے پوچھو۔ زیدؓ بن ارقم سے پوچھو انسؓ بن مالکؓ سے پوچھو۔ وہ تمہیں بتائیں گے

کہ انہوں نے میرے اور میرے بھائی کے بارے
میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے یا
نہیں! کیا یہ بات بھی تمہیں میرا خون بہانے سے نہیں
روک سکتی؟ واللہ! اس وقت روئے زمین پر بجز
میرے کسی نبی کی بیٹی کا بیٹا موجود نہیں۔ میں تمہارے
نبی کا بلا واسطہ نواسہ ہوں۔ مجھے کس لیے ہلاک کرنا
چاہتے ہو؟ کیا میں نے کسی کی جان لی ہے؟ کسی کا خون
بہایا ہے؟ کسی کا مال چھینا ہے؟ کہو کیا بات ہے؟
آخر میرا قصور کیا ہے۔؟
آہ! یہ تو شہزادۂ کونین کی آواز ہے۔ یہ تو مظلومِ کربلا
مولائے حسین علیہ السلام کا لاشہ ہے۔ وہ حسینؑ جو بنت
رسول فاطمہ بتول کا لختِ جگر ہے۔ جس کا باپ علے المرتضیٰ
جس کا بھائی حسن مجتبیٰ اور جس کا نانا محمد مصطفےٰ ہے۔

جو پیدا ہوا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گود میں
لے کر اپنی زبانِ فیض ترجمان آپ کے منہ میں ڈال
دی اور عارفِ رسالت و امامت بنا دیا ۔ ہاں!
وہی حسینؑ، جو کبھی رسولؐ اللہ کے دوش پر سوار تو
کبھی رسالت کی گود میں استراحت فرمایا کرتے تھے۔
نبی کے سینے پر لیٹنے والا حسینؑ ۔۔ آہ کس بیدردی
سے قتل کر دیا گیا؟ اس کی کوئی بھی دلیل ان شقی القلب
انسانوں کو اس ظلم سے نہ روک سکی ۔ آہ ، وہ سرِ اقدس
جو شبیہِ مصطفےٰؐ تھا، وہ روئے مطہّر جو بوسہ گاہ رسولؐ
تھا، سنان بن انس کے نیزے پر بلند ہے بدبخت
سنان ابن سعد کے خیمے کے باہر رقص کر رہا ہے
اور دیوانہ وار پکار رہا ہے ۔
" میرے اونٹوں کو چاندی سونے سے لاد دو،

ہیں نے ایک عظیم بادشاہ کو قتل کیا ہے۔ وہ
بادشاہ جو اپنے ماں باپ کی طرف سے بہترین،
خلق اور نسب میں سب سے بہتر تھا، اتنے بڑے
شہنشاہ کو قتل کرنے کا انعام بھی اتنا ہی بڑا ہونا چاہئے''
اے کج رفتار آسمان! یہ سب کچھ کیا ہے؟ یہ سب
کچھ کیوں ہے؟ میرے سوال کا جواب دے۔ تو نے
نواسۂ رسول کو یوں بیدردی سے قتل ہوتے دیکھا اور
خاموش رہا۔ ان ظالموں پر ٹوٹ کر کیوں نہ گر پڑا؟
تیرے دامن میں پلنے والی بجلیاں کیا ہوئیں؟ کیوں
نہ انہوں نے ان سفاک انسانوں کے لشکر جلا کر خاک
کر ڈالے؟

اے سنگلاخ زمین! یہ تیری پیٹھ پر کیسا بھیانک
کھیل کھیلا گیا اور تو ساکن رہی! تجھ سے زلزلے کیوں

نہ پھوٹے ؟ تو تم اپنے دامن کو جھٹک کر ان ننگِ انسانیت سفاکوں سے پاک کیوں نہ کر لیا؟ کیوں نہ تیرا سینہ شق ہوا کہ تیری پُشت کا یہ بوجھ تیرے پیٹ کی گہرائیوں میں ڈوب کر ختم ہو جاتا ؟

بادلو! کیا تمہارے سوتے خشک ہو گئے تھے کہ تم سے کربلا کے پیاسوں کی پیاس کا مداوا نہ ہو سکا؟ تم نے پانی کے طوفان کیوں نہ اُلٹ دیے کہ بدبخت سپاہ کو بہا لیجاتے ؟

ہواؤ! تمہارے وہ تند و تیز طوفان کہاں گئے جس کی ایک جھلک تم نے جنگِ احزاب کے موقعہ پر دکھائی تھی؟ کیوں نہ اب بھی تم نے اعدائے حق کے خیموں کو تلپٹ کر دیا؟ کیوں نہ ان میں آگ لگا دی؟ کیوں نہ ان کی آنکھوں کو خاک آلود کر کے

www.darulhikmat...

بینائی سے محروم کردیا؟ بتاؤ افلاک کے نیچے اس سے بڑا ظلم بھی کوئی ہو سکتا تھا؟ بتاؤ تم خدائے ذوالجلال کو کیا جواب دو گے؟

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے والو! رسول اللہؐ کے اہلبیت کو یوں خاک و خون میں تڑپا کر کس کی تسکین کا سامان کر رہے ہو؟ اپنے نبیؐ کی بیٹیوں کو یوں بے آبرو کر کے نبیؐ کے کن احسانات کا بدلہ چکا رہے ہو؟ — آہ! ریاضِ رسولؐ کے تمام پھول چن چن کر توڑ لیے اور پھر انہیں مسل مسل کر پھینک ڈالا۔ لیکن تمہاری آنکھوں سے ایک آنسو نہ ٹپکا! تمہارے ضمیر نے تمہیں ایک بار بھی شرمسار نہ کیا! اور تم بڑھ بڑھ کر محسنِ انسانیت صلے اللہ علیہ وسلم کے اہلبیت کے خیمے لوٹتے رہے۔ بتاؤ تم رسول اللہؐ

کر کیا جواب دو گے ؟

آہ اے فرزندِ رسول ! میں تیرا پرسا کسے دوں؟
میں اس ناقدری کا شکوہ کس سے کہوں ؟ ۔ ہاں،
خیموں کی جانب چلتا ہوں، کہ وہاں زہرائے ثانی،
لختِ جگرِ بتول، تیری ماں جائی بہن زینبؓ موجود
ہے ، ام کلثومؓ موجود ہے، رقیہؓ موجود ہے،
اور پھر تیری بیٹیاں سکینہؓ اور فاطمہؓ موجود ہیں،
تیرا لختِ جگر زین العابدینؓ موجود ہے ۔ لیکن یہاں
بھی تو ایک قیامت کا منظر ہے ۔ ادھ جلے خیمے،
ٹوٹی ہوئی طنابیں، دھواں چھوڑتی ہوئی چوبیں اَن گنت
کہانیاں کہہ رہی ہیں ۔ میں زینبؓ طاہرہ سے کیا
خطاب کروں کہ اس کی آنکھوں کے سوتے تک
خشک ہو چکے ہیں ۔ چادرِ زہراؓ اس کے سر سے

چھن چکی ہے۔ سکینہؑ کا سر بھی برہنہ ہے۔ لٹیں کھل کر گلے میں پڑی ہوئی ہیں۔ آنکھوں میں وحشت ہے۔ ہر آنے والے سے خوفزدہ ہو کر پھوپھی سے لپٹ جاتی ہیں۔ زین العابدینؑ بیماری کے باعث پہلے ہی کمزور تھے، اب بالکل نڈھال ہو چکے ہیں۔ کروٹ بدلنا بھی ان کے لیے مشکل ہو چکا ہے۔ اے زہرائے ثانی! میں تجھے بیٹوں عون اور محمد کا پرسا دوں یا علی اکبر اور قاسم کا؟ مجھ میں یہ حوصلہ کہاں جو کہہ سکوں اے حسین کی بہن! اے حسین کی بیٹی! اے حسین کے فرزند! حسینؑ شہید ہو گئے۔ ان کا لاشہ بے گور و کفن صحرا میں پڑا ہے۔ اب تم حسینؑ کا انتظار نہ کرنا۔ وہ اب تمہارے پاس نہیں آئیں گے۔ وہ جا چکے۔ ہمیشہ کے لیے اپنے بھائی کے پاس، اپنے باپ کے پاس۔

www.ahlulbaytbsite.com

اپنے نانا کے پاس ۔ اٹھو گنج شہیداں میں سوئے
ہوئے مظلوم مسافروں کو بھی یہ پیغام پہنچا دو کہ حسینؑ
تمہارے تعاقب میں اس وادی میں پہنچ گئے
جہاں تم جا چکے ہو ۔ ان کا شایانِ شان استقبال کرنا
اور ہاں! وحشتِ کربلا کے مسافرو! اب رختِ
سفر باندھو ۔ اور سفر کی تیاری کرو ۔ ابھی دشمن کے
ترکش میں کچھ تیر باقی ہیں جو تم پہ آزمانا چاہتا ہے ۔
اب تمہیں قیدیوں کی صورت اُس دربار میں پیش
کیا جائے گا جس کے حکم سے تمہارے خیمے جلائے
گئے، تمہارے سامان لوٹے گئے، تمہارے مردوں
اور بچوں کو خون میں نہلایا گیا ۔ اور ہاں! تمہارے
سردار کو شہید کیا گیا ۔ دیکھو! اس آزمائش کو بھی خندہ
پیشانی سے قبول کر لو ۔ مانا کہ بے پناہ صدموں سے

بھوک اور پیاس سے، خوف اور ہراس سے، بے خوابی
اور بے آرامی سے تمہارے اعضا شل ہو چکے ہیں، تم
نڈھال ہو لیکن یہ کڑا سفر تمہیں بہر حال کرنا ہے۔ کربلا
سے کوفہ کا سفر۔ چلتے چلتے مظاہرِ قدرت بھی دیکھتے جانا۔
میدانِ کارزار راہ میں پڑے گا۔ اگر تمہاری نگاہیں کوئی لرزا دینے
منظر دیکھ لیں تو حرفِ شکایت زبان پر نہ آئے۔
اے زہرائے ثانی! اس قافلے کی قیادت بھائی کے
بجائے اب تمہارے سپرد ہے۔ جرأت و پامردی، استقلال
و تدبر جو ورثے میں تجھے ملا ہے، اس کے حق ادا کرنے
کا وقت آپہنچا ہے۔ صبر و استقامت سے قدم بڑھاؤ۔
کیا ہوا جو اونٹوں کی پیٹھیں ننگی ہیں، عماریاں اور محمل
چھن گئے ہیں، پیدل بھی چلنا پڑے تو اُف نہ کرنا۔
لیکن ــ یہ کیا؟ ــ زینبؑ کدھر ہیں؟

قافلہ حسینی کی قائد زینب ۔ آہ! وہ تو بھائی کی سر بُریدہ لاش سے لپٹی ہوئی ہیں ۔ اسے بوسے دے رہی ہیں ۔ ان کے خون میں بھیگی ہوئی مٹی اُٹھا اُٹھا کر آنکھوں سے لگا رہی ہیں ۔ چہرے پہ مل رہی ہیں ۔ حسینؑ! ۔ میرے بھائی! ۔ میرے سردار! میری زندگی کی متاع میرے دونوں لختِ جگر عون اور محمدؑ تھے ۔ جو تجھ پر نثار کر چکی ۔ بتا اب کس چیز کو تجھ پر فدا کروں؟ اب میرے پاس تو کچھ بھی باقی نہیں رہا ۔ ایک جان باقی ہے، سو وہ بھی حاضر ہے ۔ مجھے بھی اپنے پاس بلا لو کہ زندگی اب تلخیوں کے سوا کچھ نہیں رہی ۔ میرے جان سے پیارے بھائی! تیری بہن پر جو صدمات پڑے ہیں، اگر تو ہوتا کبھی برداشت نہ کرتا ۔ اب کس سے کہوں اور کیسے کہوں؟ ۔۔۔

میرے بھائی حسینؑ ! تو نے مجھے صبر کی تلقین کی تھی۔
میں ضرور اس پر عمل کروں گی۔ لیکن تیری بہن سنگدل
کیسے ہو جائے؟ دشمنوں نے تیرے ساتھ اور پھر تیری
لاش کے ساتھ جو سلوک کیا ہے، اسے دیکھ کر چپ
نہیں رہ سکتی۔ میں تیرا یہ خون امی اور ابا حضور کے پاس
لے کر جاؤں گی۔ نانا حضور کی خدمت میں پیش کروں گی"
"اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تجھ پر آسمان کے
فرشتوں کا درود اور سلام! یہ دیکھ تیرا حسینؑ ریگستان
میں پڑا ہے۔ خاک و خون سے آلودہ ہے، تمام بدن
ٹکڑے ہے، تیری بیٹیاں قید ہیں، تیری اولاد
مقتول ہے، ہوا ان پر خاک ڈال رہی ہے"
ام کلثومؓ اور رقیہؓ بھی زینبؓ کے نوحوں میں شریک
ہیں۔ سکینہؓ اور فاطمہؓ باپ کی روندی ہوئی لاش

دیکھ کر چہرے پیٹ رہی ہیں۔ دھاڑیں مار رہی
ہیں۔ بال نوچ لیے ہیں۔ گریبان پھاڑ ڈالے ہیں۔ نالہ و
شیون، آہ و بکا، سسکیوں اور آہوں کے اس طوفان
میں اس المناک داستان کا ایک باب ختم ہوتا ہے۔
اسیرانِ کرب و بلا کا یہ قافلہ اب کوفہ کی طرف
رواں ہے۔ وہی کوفہ جس کے مہمان کربلا میں لٹ گئے۔
اے سرزمین کوفہ! تو صدق و مروت کی قاتل ہے۔
تو وفا کے نام پر ایک تہمت ہے۔ تو نے خود ہی
تو حسینؑ کو بلایا تھا۔ تو قع تھی، تو حسینؑ کے باپؑ
اور حسینؑ کے بھائی کے قتل کی تلافی کرے گی۔
لیکن اے بے وفا سرزمین! تیرے بیٹوں
نے گھر بلائے مہمان سے یہ کیسا سلوک کیا؟ دیکھ
اس کے خاندان کے بقیۃ السیف افراد عفت مآب

پردہ نشین بیبیاں برہنہ سر اور معصوم بچے بیڑیاں پہنے تیری حدود میں داخل ہو رہے ہیں۔ خاندانِ رسالت سے تیرا یہ سلوک رہتی دنیا تک ایک ضرب المثل بن جائے گا۔ تیری اس بے وفائی پر ایک زمانہ ماتم کرے گا۔ تو بھی اپنے اس شرمناک استبداد پر جی بھر کر رو۔ کہ قیامت تک اس کے سوا تیرے مقدر میں اور رہ ہی کیا گیا ہے؟ تو نے ان ہستیوں کو خاک و خون میں تڑپایا ہے جو کرۂ ارض پر سب سے بہتر، افضل اور ارفع گنی جاتی تھیں۔

حسینؑ نے شہید ہو گئے۔ اس شہیدِ اعظم کا سرِ اقدس ابنِ زیاد کے سامنے ایک ڈھال پر پڑا ہے۔ وہ اپنی اس بالکل عارضی اور وقتی فتح کے نشہ میں بہت بدمست ہے۔ انتہائی رعونت اور نخوت سے

اُٹھ کر اپنی چھڑی سے دندانِ مُبارک کو چھو رہا
ہے۔ اس بدبخت کو کیا معلوم کہ یہ وہی سرِ اقدس
ہے جو رسولؐ اللہ کی گود میں رہا۔ یہ وہی مبارک دہن
ہے جو بوسہ گاہِ رسولؐ بنا رہا۔ اے بدبخت انسان!
اگر تجھے معلوم نہیں تو اپنے پاس بیٹھے زید بن ارقمؓ
سے پوچھ لے! دیکھ اُن کی آنکھیں اشکبار ہیں کہ
اُن آنکھوں نے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کو دیکھا، وہ ان ہونٹوں کو بوسا دیا کرتے تھے۔ لیکن
تجھے کیا؟ تُو تو خود بدی کی ایک زندہ علامت ہے۔
بدی کو نیکی سے کیا سروکار؟ تیری اپنی ایک تاریخ
ہے جس کی ترتیب و تکمیل خود ابلیس کے ہاتھوں ہوئی۔
تو اسی کی تاریخ کا کردار ہے لیکن یاد رکھ۔ تُو حسینؑ
کے قتل پر تو قادر ہو سکتا ہے، حسینیّت

کو ختم کرنا تیرے بس کی بات نہیں۔ حسینؑ کے خون میں نہائے ہوئے ریت کے ذرات ہواؤں کے دوش پر سوار ہو کر اکنافِ عالم میں بکھر چکے ہیں۔ عنقریب وہ ایسے طوفان بن کر اٹھیں گے، جس میں تو اور تجھ جیسے ہر دور میں اٹھنے والے ابنِ زیاد اور یزید۔ بے حیثیت تنکوں کی طرح اڑتے پھریں گے۔ تو نے حسینؑ کو محض ایک شخص سمجھ کر شہید کر ڈالا۔ لیکن یاد رکھ۔ حسینؑ ایک شخصیت ہی کا نام نہیں ——— حسینؑ ایک پیغام ہے ——— آفاقی پیغام، جو ہر دور کے مظلوم اور مجبور انسانوں کو درسِ عمل اور ولولۂ شوق عطا کرتا رہے گا۔ حسینؑ ایک مذہب ہے جو ہمیشہ طاغوتی طاقتوں سے ٹکرانا سکھاتا رہے گا۔

حسینؑ ایک سیاست کا نام ہے جس کے نزدیک کسی قیمت پر بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی جاسکے گی۔ حسینؑ ایک مِلّت ہے جس کی ابتدا حضرت ابراہیمؑ سے ہوئی اور کربلا کے میدان میں اپنے نکتۂ عروج کو پہنچی۔ حسینؑ صدائے انقلاب ہے جو ہر دور میں بلند ہوتی رہے گی۔

حسینؑ ایک تہذیب کا نام ہے اور حسینؑ شرافت کا ایک معیار ہے۔

اے فرشتو! سلام بھیجو اس شرفِ آدم پر جس نے پھر سے آدم کی عظمت کا راز تمہارے سامنے پیش کیا۔

ستارو! ان گنت سلام بھیجو اس ہستی پر جس کی نیکیاں تم سے زیادہ ہیں۔

www.darulhusna132.com

کہساروا سلام بھیجو اس قتیل صدق و وفا پر۔ جس کی استقامت تم سے بڑھ کر ہے۔

اور اے انسانو! سلام بھیجو اپنے اس محسن پر جس نے اپنے خون سے تمہارے لیے عظمت کی شاہراہوں پر چراغ جلائے:

الصّلوٰۃُ والسّلامُ علیکَ یا رسولَ اللہ

الصّلوٰۃُ والسّلامُ علیکَ یا ابنِ رسولَ اللہ

میرے آقا!

اگر تیرا یہ غلام اس روز دُنیا میں موجود ہوتا تو ہوا کے پر لگا کر کربل کے میدان میں حاضر ہوتا۔ کسی بھی قسم کی کوئی روک تیرے اس غلام کی راہ نہ روک سکتی۔

www.darulhasan...com

سمندروں میں کُود پڑتا
دریاؤں کو چیر دیتا
پہاڑوں سے ٹکرا جاتا
اگر اسے کسی قلعہ میں بند کر دیا جاتا، ٹکریں مار مار
کر دیواریں پھوڑ دیتا اور کربلا کے میدان میں
ضرور حاضر ہوتا اور قتیلِ جفا، تصویرِ وفا حضرتِ
حُرؓ کی تقلید میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے میں
کسی سے پیچھے نہ رہتا۔ حضرت طیبہ بی بی زینبؓ
کی چادر کی حفاظت میں اپنی جان قُربان کر دیتا۔
یہ کبھی ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ ہم زندہ ہوتے اور
پاک بیبیوں کی چادر کی طرف کوئی ناپاک ہاتھ بڑھنے
کی جسارت کر سکتا۔ توبہ توبہ! ہم کبھی ایسا کرنے
نہ دیتے۔

اے میرے آقا!
مجھے تیری مجھ پہ عنایات کی قسم !
میں تیرے بعد کبھی اس دُنیا میں زندہ نہ رہتا!
اے اللہ کے دینِ اسلام
کی عزت و ناموس کی
خاطر اپنی جان قربان
کرنے والے شہیدو !

اس مقام النخاف الصحاف
المقتول المصطفین کے مکینان
کی طرف
سے نیاز مندانہ سلام قبول
فرماؤ !

www.darulehsan132.com

۶۷۳۵

وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ
أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ۝

(البقرة : ۱۵۴)

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں یہ
نہ کہو کہ وہ مُردہ ہیں، بلکہ وہ زندہ ہیں، لیکن تمہیں شعور نہیں

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ
أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ۝

(البقرة : ۱۶۹)

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے تو انہیں مُردہ
خیال نہ کر بلکہ وہ اپنے پروردگار کے نزدیک زندہ
ہیں، روزی پہنچائے جاتے ہیں۔

❁

حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام شہادتِ عظمیٰ سے

سرفراز ہونے کے بعد زندوں کی طرح دنیا اور آخرت میں زندہ اور رزق دیے جاتے ہیں لیکن ہر کوئی اس حقیقت کو مانتا تو ہے، جانتا نہیں۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۴۳۶

آپ علیہ السلام اور آپ کا لشکر ایک غار میں مقیم ہیں یشہدا آپ کے رفقا ہوتے ہیں۔
حوضِ کوثر آسمان پر ہے اور اس کے عین نیچے حوضِ اصفیا ہے اور حوضِ اصفیا کے ساقی سیدنا امام حسین علیہ السلام ہیں۔
اس حوض سے ایک بار پینے والے کو

پھر پینے کی حاجت نہیں رہتی اور اس
سے پینے والا کبھی تشنہ کام نہیں رہتا۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

٦٤٣٧

شہادت ——— اُخروی حیات کی غماز
دائمی حیات کی مُبشّر اور
ابدی حیات کی امین ہوتی ہے
اور ابدی حیات ——— یا حی یا قیوم ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۳۸

شہادتِ عُظمٰی میں بہنے والے خون کے ہر قطرہ پہ
آنسو بہانا غُسلِ عصیاں ہے اور غُسلِ عصیاں میں
شِفا ہوتی ہے۔　　　یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۷۳۹

عرشِ عظیم ——— خاکی مخلوق کا عرش ہے
عرشِ کریم ——— نوری مخلوق کا عرش ہے
عرشِ مجید ——— ناری مخلوق کا عرش ہے

اور

عرشِ معلّٰی سے جملہ احکاماتِ الٰہیہ کا
نزول و نفاذ　　اور

فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیدُ کی
تفسیر ہوتی ہے ۔ یا حیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
کوئی چیز نہیں

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۹۶

حضرات! بُرا نہ منانا
ہم کسی کا پیش کیا ہوا کھانا
نہیں کھاتے ———

دعوت نہ ولیمہ

خود پکا کر کھاتے ہیں
اوروں کو کھلاتے ہیں
اور

اس اصول کو کبھی نہیں بدلتے

اور ہم کھانے پینے کے سوا کوئی اور
کام نہیں کرتے !
ماشاءاللہ !

اور ہمیں کھانے پینے کے سوا
اور کام ہی کیا ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.urduehsan132.com

۶۹۴۲

ذکرِ الٰہی سے نور پیدا ہوتا ہے۔

ذکرِ الٰہی کا نور

ملعون و مردار کو کھا جاتا ہے۔ یا حییُّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۴۳

اگر کوئی اور مُدّعا نہ ہوتا تو سکینہ چھا جاتی
اور اُجڑے ہوئے دلوں کو لیسا دیتی۔
گھٹائیں اُمڈ کر آتیں اور جل تھل کر دیتیں۔

یا حییُّ یا قیّوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۴۴

تیرا جمال، اے جانِ حسینانِ جہاں!
اگر جمیل پردوں میں مستور نہ ہوتا

تو

نظامِ کائنات درہم برہم ہو جاتا
مستانوں کی ایک دُھوم مچ جاتی
جو پروانوں کیطرح جلتے اور
راکھ ہو ہو کر اکسیر بن جاتے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۴۵

ہر دل میں پھول بھی ہوتے ہیں، بُو بھی۔
آبیاری نہ ہونے کے باعث کملائے
رہتے ہیں، مہکتے نہیں۔

www.darulkitabsunnah.com

سکینۃ ایک فرشتہ ہوتا ہے
جو سینے میں رہتا ہے۔
جب اللہ چاہتا ہے،
اس دل کی آبیاری کا حکم دیتا ہے
جس سے پھول کھلنے اور مہکنے
لگتے ہیں۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۶۹۲۶

سکینۃ کیا ہے؟
سکینۃ ـــ اوّلین قدم پر
خوف و حزن کو کھاجاتی ہے
وحشت کو دُور کردیتی ہے
دکھوں کو جلاکر راکھ بنادیتی ہے

www.darulehsan132.com

پریشانی کو رگڑ رگڑ کر
کاجل بنا دیتی ہے۔
مرجھایا ہوا باغِ ارم ٹہکنے اور مہکنے
لگتا ہے۔

بہار کا یہ مژدۂ جانفزا سُن کر
مالی کی جان میں جان آجاتی ہے
اور سکینہ کے کاجل سے
آنکھوں میں ٹھنڈ پڑ جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۴۷

سُبحانَ الحیّ الّذی لا یموت

www.darulehsan4132.com

شہداء حیاتِ ابدی کے
امین ہوتے ہیں اور مکین۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۹۴۸

خاک جسد کا اوّلین عنصر ہے
راکھ ایک زندگی ہوتی ہے
جل کر ہی بنی ہوئی ہوتی ہے۔
اور خاک کے حُسن کا نکھار ہوتی ہے۔
پانی سے مل کر یک جان
آگ سے ملکر گرم
اور

www.dargahsaim132.com

ہوا اسکی زندگی کا موجب۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

٦٩٤٩

آدم کا بُت جب
ھڈی
پسلی
پٹھے
رگ و ریشہ کو گوشت و پوست میں لپیٹ کر
پیش کیا گیا
تو دیکھنے میں کراہت محسوس ہوئی۔
کسی نے بھی اسے دیکھنا پسند نہ کیا۔
پھر

اسے مضبوط دھاگے سے بال بال پرو کر
"احسن تقویم" سے جلد بندی کی۔
دوسری بار تمام اعضاء اپنی اپنی جگہ سجائے۔
تیسری بار حُسنِ یوسفی کا مظاہرہ فرما کر
مصوری کی حد کر دی۔
اور یہی مصوّری تیری شاہکار تصویر بنی۔
یَا مُصَوِّرُ

یہ جو کچھ بھی ہے، اس مصوّر ہی کا کمال ہے۔
ورنہ نہ کوئی حسین ہے نہ قبیح، ایک لوتھڑا ہے

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۶۹۵۰

ذکرِ الٰہی زندگی کا جہادِ اکبر ہے
وقت اور مال قربان کر
سکون حاصل ہوگا
ماشاء اللہ

یاحی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۵۱

فلکیات، سیارے اور ستارے
میرے اللہ ہی کے حکم پہ
نقل و حرکت پہ مامور ہیں،
کوئی خودسر نہیں۔
بدول ارادتِ ازلی،

www.daruelhsan132.com

کچھ بھی کرنے پہ کوئی قدرت نہیں رکھتے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۵۲

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ

بار بار سن کر میاں بولے:

بادشاہو!

تینوں کون روک سکدا اے

دبی چلو

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

ذاکر ـــــ زندہ اور

غافل ـــــ مردہ متصوّر ہوتا ہے۔

زندہ ایک اور مردہ اگرچہ سارا جگ ہو،

زندہ کی برابری نہیں کرسکتا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفضل العظيم

٦٩٥٤

یاد کو یاد اور مُحبّت کو مُحبّت

ازل وابد کا وہ دستور ہے جو کبھی

نہیں بدلا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفضل العظيم

www.dadaeaseen13z.com

۶۹۵۵

تیری یاد ہی نے بندوں کو یاد فرمایا ہوا ہوتا ہے ورنہ کوئی بندہ کیونکر تجھے یاد کر سکتا ہے؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۹۵۶

تیری محبت ہی کی مست لہریں بحرِ دل میں طغیانی لائی ہوئی ہوتی ہیں ورنہ ہم رذیل و ذلیل و کمین بندے کیونکر تجھ سے محبت رکھنے کی جرأت کر سکتے ہیں؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan313.com

۶۹۵۷

اس حال میں رہتے ہوئے بھی اگر کسی اور
سے مانگنے کی حاجت رہے، بتا کر میں کسی کو
کیا بتاؤں ؟

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۹۵۸

تیرے رزق کی تقسیم، میری گدائی نہیں تو
کیا ہے؟ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۹۵۹

یہ رزق دستر خوانوں کے پس ماندہ

ٹکڑے ہیں۔ ان میں زندگی تو ہے
زندہ رہنے کی جدّوجہد نہیں۔

ان کھانوں سے بھوکے رہنا مردوں کی
زندگی کے وہ مینار ہیں، جو کبھی نہیں گرتے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۶۰

ابھی تک تو نے یہ بھی نہیں جانا کہ
اکلِ حلال کی قوت ہی قوتِ حیدریؓ سے
منسوب کی جاتی ہے اور مولائے علی کرم اللہ وجہہٗ
نے اکلِ حلال کے حصول کے لیے ایک یہودی

www.darulehsan1.com

کے باغ کو نلائی کا جو شرف عطا فرمایا،
دنیا سے دول کی امارت کو مات کر گیا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۶۱

مٹی ہر ہستی کو جلا کر راکھ بنا دیتی ہے۔ اگر
ایسا نہیں تو نہ کوئی ہستی ہے نہ مٹی، محض ایک
شاعرانہ تخیل ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۶۲

جب تک ایک ہستی مٹتی نہیں، دوسری بنتی نہیں،

ایک کی فنا دوسری کی بقا ہوتی ہے۔
فنا کے بعد بقا زندگی کا ابدی دستور ہے۔
یہاں تک کہ گھاس پھونس کی کلی پہ بھی اس
قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۹۶۳

محبت نے محبت کی راہ بتائی — یہ شاہراہ ہے۔

محبت ہی نے اس راہ سے روکا: یہ شاہراہ عام نہیں، مخصوص ہے۔

اس راہ پہ چل کر شاہ ہو گم نہ ہو۔ وما علینا الا البلاغ۔ یاحیی یاقیوم
الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

www.darulkitaab132.com

۶۹۶۴

مُحبّت

ہر راہ کی رہنما

ہر راہ رو کی منزل

ماشاء اللہ!

مُبارکاً

مکرماً

مشرفاً

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

www.darulehsan132.com

۶۹۶۵

اللہ کے نام پہ دی گئی خیرات تین دن سے
زیادہ جمع نہ رہے - بہترین یہ ہے کہ ملتے ہی
تقسیم کی جائے اگرچہ انبار ہوں - یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۹۶۶

ذکر کسی بھی قسم کا ہو، نُورٌ عَلیٰ نُور ہوتا ہے
افضل ترین وہ جو مذکور کے روبرو ہو،
جملہ حجابات کو دُور فرماکر ہو اور دل کے اندر ہو
اور یہ اعلٰے درجے کی عنایت پہ وارد ہوتا ہے۔

یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۹۶۷

تیرے بندے تجھ کو کافی کہتے ہیں
کافی بن یَاکَافِیْ

کافی کفایت کا ضامن ہوتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۶۹۶۸

ہر حیوان اپنے رہنے کے لیے ضرورت کے
مطابق گھر بناتا ہے مگر انسان۔ یہی وجہ ہے کہ
بہترین کمائی مکان ہی کی تعمیر میں خرچ کر دیتا ہے

رہنے کے لیے ایک معمولی سا گھر کافی ہوتا ہے

www.danielesam135.com

اہلِ فن محو ہوتے ہیں، زینت و آسائش کو
کسی خاطر میں نہیں لاتے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۶۹

ایک بُوٹی بولی! میں صرف آبشار کی
زینت ہوں۔ نہ پھول رکھتی ہوں نہ مہک،
البتہ سبزے کو خیرہ کر دیتی ہوں۔
جو نزاکت اللہ نے مجھے بخشی ہوئی ہے پیش
کر دیتی ہوں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.daruliehsan132.com

۶۹۷۰

انوارات کی دُنیا میں بہترین انوار وہ ہے
جو مومن کے دل میں اُترے اور دین و ملّت
کے لیے نفع کا موجب ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضل العظیم

۶۹۷۱

کوئی بندہ حال میں نہیں رہتا۔
ماضی میں رہتا ہے یا مستقبل میں۔
اسی لیے بدحال رہتا ہے اور بیقرار۔
حال کا استقبال —— بہترین کمال۔
سونے کی تختی پر لکھ کر گلے میں لٹکا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۷۲
حاضر کو
حاضر مان
حاضر کا ذکر کر
اور
حاضر سے مُحبّت
حاضر کبھی غیر حاضر نہیں ہوتا
یاحیّ یاقیوم
www.darulehsan132.com

صرف و نحو پہ غور کر۔

	حال	ماضی	مستقبل
حاضر	تو ہے تم ہو	تو تھا تم تھے	تو ہو گا تم ہوگے
غائب	وہ ہے وہ ہیں	وہ تھا وہ تھے	وہ ہوگا وہ ہونگے
متکلم	میں ہوں ہم ہیں	میں تھا ہم تھے	میں ہونگا ہم ہونگے

یا حیی یا قیوم

﴿۶۹۷۳﴾

ایک
شیخ الشیوخ بولے :
او ئے !
میرے ساتھ تو ایک
نہیں ، کئی حاضر رہتے
ہیں

کس کس کو بتاؤں کون کون
حاضر ہیں ؟
ایک ہو تو
بتا بھی دوں۔ میرے
ھمراہ تو

www.darulehsan32.com

حظیرۃ القدس کی ایک
کثیر البرکت جماعت رہتی
ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۷۳

زندگی رین بسیرا
تازی ہنہنایا
مسافر نے زین کسی
اور اپنے سفر پہ گامزن ہوا

جو سفر میں نہیں،
مُسافر نہیں۔

www.darulehsan132.com

عظیم ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۷۵

www.darulehsan132.com

وحدت میں جلال

کثرت میں جمال

وحدت ـــــ جذب

کثرت ـــــ سلوک

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۷۶

کیا تیرے ایمان کو تقویت پہنچانے کے لیے

یہ کافی نہیں کہ ابرہہ کے جری لشکر کو
ابابیلوں نے اور نمرود کے لشکر کو
مچھروں نے مارا ؟ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۷۷

بندہ صرف اپنے نفس کو مانتا ہے
اور اپنے نفس کی خاطر ہر شئے قربان کر دیتا ہے،
کسی اور کو مطلق نہیں مانتا۔

ماں باپ تو ہوتے ہی کیا ہیں ،
رب تک کی پروا نہیں کرتا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۷۸

مطمئن رہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه

ارض و سما وَمَا بَيْنَهُمَا میں ہر لمحہ

جاری و ساری رہتا ہے۔

بلا حکم کوئی کسی بھی حرکت پہ کوئی

قدرت نہیں رکھتا۔ يا حيّ يا قيّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

واللهُ ذُوالفضل العظيم

۶۹۷۹

جنگل کا یہ مقام

صرف اور صرف اِنس و جانّ کی عبادت

کے لیے وقف و مخصوص ہے۔

www.darulehsan132.com

رکھ کر دیکھ لو ،
مصنوعات کو کبھی رہنے نہیں دیگا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۸۰

حضرت شاہ ولایت شمس الارض ؒ تھے۔
دن میں کئی بار اندھے ہوتے
اور کئی بار سوجاکھے۔
اگر سامنے سے گزر جاتے یا کوئی اور بات ایسی
ہوتی کہ جلال میں آکر فرماتے "اندھے ہو"
جلالِ صابریؒ کی تاب نہ لاتے ہوئے اندھے
ہوجاتے۔
جب پھر طلب فرماتے ،

www.alruhsan132.com

عرض کرتے میرے آقا !

میں دیکھ نہیں سکتا، اندھا ہوں۔

آپ اللہ سے مخاطب ہو کر عرض کرتے:

"ایک ہی تو تُو نے مجھے خادم دیا ہوا ہے"

اسی وقت بینا ہو جاتے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۸۱

روز سنتے ہو

روز بھول جاتے ہو

اللہ فرماتا ہے:

اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ

حکومت سوائے اللہ کے کسی کی نہیں۔

www.dadinhasan132.com

یہی وجہ ہے کہ ہر حکومت، مشرقی ہو یا غربی،
پریشان رہتی ہے ۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذوالفضل العظیم

۶۹۸۲

جب اس زندگی نے ختم ہی ہو جانا تھا تو
کیوں ایسے نہ گزاری جو مرنے کے بعد ابدی
حیات کی امین ہوتی؟

میاں بولے:
جب مر ہی جانا تھا، جیتے جی کیوں نہ مرا ؟
اگر مر جاتا تو تجھے کیا بتاؤں کہ کیا ہوتا ؟
دین و دنیا و آخرت کی تمام ادائیں سمٹ

www.darulehsan1332.com

کر تجھ میں آجاتیں۔ ماشاء اللہ !

خدائی نظام کے تحت آج کا دن آخری دن اور آنے والی رات آخری رات ہے۔

یہ کمی کل نہیں، آج پوری کر۔

اس کمی کو توبہ اور توبہ وَالْاِسْتِغْفَار ہی پورا کیا کرتی ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۸۳

ھمزاد نوری ہو یا ناری،
ہر وجود میں موجود۔

www.darulehsan132.com

"اُولُوالاَمر" کے تحت حرکات وسکنات کا پابند۔ خودسر نہیں۔

الصّمتُ التّام اور ذکرِ دوام ان سب کا حصار، ماشاء اللہ !

ذکرِ دوام ناری ہمزاد کو بے بس اور نوری ہمزاد کو معاون بنا دیتا ہے۔ جو حکم ملتا ہے کرتا ہے۔

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۸۴

شریک کسی کا بھی ہو، کبھی نظر انداز نہیں کیا جاتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۹۸۵

جماعت وہ ہے جو جدوجہد میں منہمک ہو اور کرامات سے بے نیاز۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۶۹۸۶

خوراک کے بعض اجزا قوت و صحت کا موجب، بعض غیر نافع۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللّٰہ خیر الرازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۸۷

موت کے بعد، موت کا ہر تذکرہ بھول جاتا ہے
اور بھلا دیا جاتا ہے،
مُوتُوا قَبْلَ اَنْ تَمُوتُوا کا تذکرہ
ابدالآباد زندہ اور قائم رہتا ہے۔
یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۸۸

کرم جس بھی کسی مقام پہ نازل ہوا، مکرّم بنا۔
جس بھی من میں وارد ہوا، مہک اُٹھا۔
اور جس بھی تن میں وارد ہوا، چہک اٹھا۔
کرم نے جب بھی کریم کو پکارا،
آنکھ تک جھپکنے نہ دی۔

کریم سے مانگ کر ماسوا سے مستغنی و بے نیاز ہوا

تجدید مایۂ ناز اوراد :

سَیِّدِ نَا کَرِیْمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۶۸۹

سیّدنا کریمؐ صلی اللہ علیہ وسلم

کثرت کی تعداد قوت و توفیق پہ موقوف -

درجہ بدرجہ سو سے سوا لاکھ مرتبہ -

ماشاء اللہ ، مُبارکاً مُکرّماً مُشرّفاً

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darululoom132.com

۶۹۹۰

"سیّدنا کریمؐ صلے اللہ علیہ وسلم" کے اوراد میں
اضافہ پہ شیطان ضرور رویا ہوگا کہ بندہ نے
تمام اُمور کرم کی طرف منسوب کر دیئے !
بڑا جھنجلایا ہوگا ، بے شمار تاویلات پیش کرنے
کی حتی الامکان ہر کوشش کی ہوگی ، تھک ہار کر بیٹھ
گیا ہوگا ۔ اب کیا کرے ؟
مکاری نے ساری راہیں بند کر دیں !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

www.dardemand2.com

٦٩٩١

کریم

اللہ ——— کریم

رسولؐ ——— کریم

قرآن ——— کریم

عرش ——— کریم

کرم ہر چہار میں جاری، ساری اور طاری

یا حیی یا قیوم

سائل ——— کرم کو کرم پہ مائل کردیتا ہے

منگتے کو خیر پانا کرم ہے اور کرم اکرم الاکرمین ہی کے کرم کا ایک کرم ہوتا ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۹۲

ہر اسم میں کوئی نہ کوئی دُعا پائی جاتی ہے

کریم ـــــ ہر دُعا سے اعلےٰ

یا حیّ یا قیوم

یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ ـــــ پیدا تو کر دیا، شکریہ! مرنا بھی ایمان وشان سے نصیب فرما یا حیّ یا قیوم۔ آمین

وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوۡتُ ـــــ "لا یموت" ابدی حیات کا مِصداق۔

بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ ـــــ انجام بخیر ہو

وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ـــــ بے شک تُو ان سب پہ قادر ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۶۹۹۳

علم تشنہ ہے
علم کی تشنگی کو عمل ہی سیراب
کیا کرتا ہے   یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۹۹۴

"شرک شرک" کہتے ہو،
شرک سے باز نہیں رہتے!
بندہ جب شرک کا عارف ہوا،
موحّد بنا -   یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan.com

۶۹۹۵

"گناہ گناہ" کہتے ہو،
گناہوں سے باز نہیں رہتے۔
گناہ گار جب گناہ کی حقیقت سے واقف ہوا،
تائب ہوا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۶۹۹۶

عرفان آدمیت و انسانیت و بشریت
کا بلند ترین اعزاز، ماشاء اللہ!
اھلاً و سھلاً یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.dawateislam132.com

۶۱۹۷

عارف باطن کا معارف ۔
جو اپنی خلقیت کا عارف نہیں ،
آخرت کا بھی نہیں ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۱۹۸

ملائکہ ـــــــ صرف تسبیح و تحمید و تکبیر و تہلیل ۔
جو حکم ملتا ہے ، کرتے ہیں ۔
عارف نہیں ہوتے　　ورنہ
آدم کے انتخاب پہ حجت پیش نہ کرتے
قَالُوْا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا
مَا عَلَّمْتَنَا ۔　　(القرآن)

www.altafhussain...2.com

پہ غور کر

جبریلؑ جب سے پیدا
ہوئے
جبریلؑ ہی ہیں
جبریلؑ ہی رہیں گے
انسان کا قلب دمبدم تغیر پذیر
کل گنہگار تھا،
آج تائب ہو کر مقبولِ
بارگاہ،
ماشاء اللہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۶۹۹۹

اِکتسابیت ——— جدّ و جہد
وَہبیت ——— فضلِ ربّانی

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفضل العظیم

۷۰۰۰

ضمیرِ انسانی اعمال کا مُحتسب،

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفضل العظیم

۷۰۰۱

اہلِ جذب کی خِرَد کی رِفعت پہ

عقل انگشت بدنداں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۰۲

غیریت انسانی جسم الوجود میں ہر وقت محجوب رہتی ہے، مستور رہتی ہے۔ ہوتا ہوگا ــــ کہیں دیکھا نہیں جو غیریت سے پاک ہو۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۰۳

انسانی جسم الوجود میں جملہ امراض موجود رہتے ہیں۔

www.maruiehsan132.com

کبھی محجوب کبھی مستور، کبھی ملفوف

نابود نہیں ہوتے۔

میرے اللہ ربّ العالمین

کے فضلِ عظیم

اور

میرے آقا روحی فداہ

صلے اللہ علیہ وسلّم کے

جُود و کرم سے

نابُود ہوتے ہیں۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم

فاللہ خیر الرّازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulhikmatsafe132.com

۷۰۰۴

ماحول نسل پہ پوری طرح اثرانداز ہوتا ہے۔
دیکھتے نہیں ــــ شیر کا بچہ ہے، بھیڑوں سے
کھیل رہا ہے؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
والله ذو الفضل العظيم

۷۰۰۵

نقل کسی کی بھی ہو، اصل نہیں رہتی۔
کم و بیش ہو کر فوت ہو جاتی ہے۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
والله ذو الفضل العظيم

۷۰۰۶

اللہ کا سب سے بڑا کرم انسانیت سے

خوف و غم کو دُور فرماتا ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۰۷

اصل خمار محویت ہے۔
محویت میں ما سوا سے نہ محبت ہوتی ہے نہ نفرت۔ اگر یہ نہیں گریا تام نہیں۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۰۸

مَتَوَکِّلًا بِکَ کُلُّ حَاجَۃٍ

www.dehsan132.com

اگر کوئی اپنی حاجات ترک کردیتا،
جملہ حاجات بر آتیں۔

یا حیی یا قیوم

جو حاجت، قاضی الحاجات
کے سپرد کردی جاتی ہے، بر آتی ہے اور
ضرور آتی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۰۹

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم
کی شان و سیرت کا تذکرہ کسی بھی انداز میں
محبت کے منافی نہیں اور

www.darulehsan132.com

"عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم" شان و سیرت ہی کا تذکرہ ہے۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ اگر روز بھی ہو اور ہر لمحہ ہو، نورٌ علیٰ نور ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۷۰۱۰

بندہ ہمیشہ کہتا ہے: میں نے کیا، میں کرتا ہوں ——— حقیقت فوت ہو جاتی ہے، دل کی دنیا میں اندھیرا چھا جاتا ہے۔

جب یہ کہتا ہے: اللہ نے کیا،

اللہ کرتا ہے، روشن ہو جاتی ہے۔

جس نے بھی کیا، جو بھی کرتا ہے،
اللہ ہی کی حکمت و قدرت کے ماتحت کرتا ہے
اور کرنے پہ مجبور ہوتا ہے۔

توحید لبیک فرما کر، خوش آمدید کہہ کر،
پھولے نہیں سماتی۔ گویا بندے نے اُسکی
حکمت و قدرت کی تائید کی۔

توحید کی مخالفت اللہ کی مخالفت اور
توحید کا اقرار اللہ کی موافقت۔

مخالفت میں پریشانی۔

www.darulehsan132.com

موافقت میں سکون و اطمینان۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۷۰۱۱

زندگی توحید کا اور توحید بندگی کا استقبال کرتی ہے

جس بندگی نے توحید کا استقبال کیا،
توحید نے اسے اپنا بنا کر اپنا لیا۔

دوری دُور کرنے کے اسباب مہیا ہو گئے
گئے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین
والله ذو الفضل العظیم

۷۰۱۲

غیریت .... ہر وجود میں موجود رہتی ہے

www.darulehsan133.com

دعا کر یہ دُور ہو۔

کوئی وجود غیریت سے پاک نہیں۔
جو غیریت سے پاک ہوا ......
علم و عقل کے احاطۂ تحریر میں نہیں سمایا۔

غیریت میرے وجود کی ضد ہے۔
جب دُور ہو جائے گی،
اللہ دُور کر دے گا،
اُس وجود کا، جو اللہ کا شاہکار ہے،
مظاہرہ کرے گا۔

جو ہم کہتے ہیں ——— علم ہے
جب عمل میں آیا، ——— شہود

www.darulehsan132.com

جس غیریت کے شہود کے ہم طلبگار ہیں ،
وہ شہود ناپید ہے۔

اس قسم کی توحید ہی سے غیریت دُور
ہوتی ہے

اقرار تو ہر کوئی کرتا ہے ، کوئی مُنکر نہیں
جب توحید کے وجود کو تسلیم کرلو گے ،
توحید شاہد بن کر شہود کا اظہار کرے گی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۱۳

مخلوق کی تصدیق ،

اللہ کی تصدیق ہوتی ہے۔

جب کوئی تائب ہوتا ہے، مخلوق تصدیق کرتی ہے کہ وہ تائب ہوا۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۲۰۱۴

ہر زندگی کسی نہ کسی ماضی کا عنوان ہوتی ہے

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۲۰۱۵

ہر ظاہر و باطن مخلوق پہ نمایاں

ہوتا ہے۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.daruljehsan132.com

۲۰۱۶ء

MAKE YOUR OWN HOUSE!

THIS INSIGNIFICANT COTTAGE PARADISE FOR FAQ'R, HELL FOR DUNYA!

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

www.tariqulhsan132.com

۷۰۱۷

کوئی مستری اپنی ماں کی لحد پہ بھی ایک دوسرے سے متفق نہیں ہوتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۱۸

ہم آپ کی محبت کی عزت کا ادب کرتے ہیں۔ اس سے زیادہ دیر ٹھہرانے کے متحمل نہیں شکریہ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.ahsan132.com

۷۰۱۹

کسی بل بوتے پہ کیا
ناز کرتے ہو
جب کہ کسی بھی چیز کا
کوئی اعتبار نہیں!
دم بھر میں کچھ کا کچھ
ہو جاتا
ہے!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فانّه خیر الرّازقین
واللّٰہ ذو الفضل العظیم

۷۰۲۰

خانہ بدوش مقروض نہیں ہوتے۔

www.darulehsan132.com

نہ ہی کوئی انھیں قرض دیتا ہے۔
مل گیا، کھالیا۔ نہ ملا، صبر کیا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۱

ذمہ داری زندگی کی آزمائش ہوتی ہے۔
سبکدوش ہونے کے بعد کوئی کسی کی طرف
دیکھنا تک پسند نہیں کرتا۔

—•✻•—

جو آزمائش میں پورا اترا، کامیاب ہوا۔
کوئی خوش نصیب ہی آزمائش میں پورا اترا کرتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

www.ataunnabi.com

۶۰۲۲

خلق کی
شہادت
معتبر ہوتی ہے ،
جھوٹ
نہیں — یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۶۰۲۳

کام کو
سلام ہوتا ہے !
یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۷۰۲۴

فن کی تحقیقات تدِ مقابل پہ موقوف ہوتی ہیں۔ یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۵

اللہ تبارک و تعالےٰ سے محبت میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت کا النسب معمول۔

ایک ہی محبت کے دو نام ہیں۔
اللہ سے محبت ـــــ میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم سے محبت اور

www.darulehsan132.com

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم سے
محبّت ہی اللہ تبارک و تعالیٰ کی مُحبّت ہے۔

مُحبّت ——— ایک

نام ——— دو

جسے اللہ سے محبّت نہیں، اللہ کے حبیب
(صلے اللہ علیہ وسلم) سے بھی نہیں۔

اللہ کی مُحبّت کی بدولت اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم
کی محبت عنایت ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۶

محبّت کی ابتدا محبوب سے ہوتی ہے۔

اللہ جب دیکھتا ہے کہ یہ بندہ مجھ سے محبّت کرتا ہے تو اسے اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت عنایت فرما دیتا ہے۔ اللہ فرماتے ہیں: میرے حبیبؐ کی محبت ہی میری محبت ہے۔ جسے، جس قدر اور جتنی میرے حبیبؐ سے محبت ہو گی، اسی قدر اور اُتنا ہی وہ مجھے محبوب ہوگا۔

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلَاغ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۷

محبّت میں صحرا نوردی ــــــ محبت کی آزمائش کا انسب معمول۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم　فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۸

سورۃ واقعہ کی آغوش میں ہر واقعہ کی مفصل تشریح ہے۔　　　　یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۹

اے خسرو خوباں !
تیری محبت کے اسیر سدا رنجور رہتے ہیں،
مہجور رہتے ہیں ، بے چین رہتے ہیں ،
بے قرار رہتے ہیں۔
تیری محبت کا گرما گرم جام پی کر دمادم سلگتے رہتے ہیں ،
کبھی نہیں بجھتے اور نہ ہی کسی طرح بجھ سکتے ہیں۔

www.darulehsan132.com

سدا آنسو بہاتے اور جگر کے خون سے دل کی
آبیاری کرتے رہتے ہیں۔
محبت کے بسمل کبھی جانبر نہیں ہوتے،
سدا لوٹتے رہتے رہتے ہیں۔ اُلفت کے شعلے
کبھی نہیں بجھتے، شرار متبسم رہتے ہیں۔
اور ان کے نشان کبھی نہیں مٹتے، رہتی دنیا
تک قائم رہتے ہیں۔

مُحبت کی دُنیا بنانے سے پہلے
مُحبت کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

ازل سے لگی ، ابد تک رہے گی یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۳۰

توبہ کے بعد بہترین تین عنایات کا اجراء

اَلصَّمْتُ التّام

الذِّکر الدّوام

مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا

اگر کما حقہٗ اتباع ہو ــــ کُنْ فیکُوْن کے مصداق۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۳۱

ماضی، حال کا منتظر رہتا ہے۔
ماضی کو حال میں تولا کر دیکھ!

www.darulehsan132.com

کائنات کی ہر مخلوق حال کی ترجمان ہوتی ہے

من وعن برملا تصدیق کرتی ہے ـــــ یہ حق

ہے، یہ ناحق۔　　یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۷۰۳۲

"شربت روشن" بازار میں نہیں ملتا،

کہیں کہیں اور کسی کسی عطار کے ہاں چھپا کر رکھا

ہوتا ہے۔ دُنیا بھر کی شاہی کے عوض بھی کسی

قیمت پہ دستیاب نہیں ہوتا۔

اس کا حاصل کرنا اتنا ہی مشکل ہوتا ہے

جیسے چڑیوں کا دودھ۔

دینے پہ آئیں ـــــ جاتے جاتے

www.urduehsan132.com

یوں ہی دے جائیں ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۳

عطار ملے ——— فبہا

نہ ملے تو جھوٹ و غیبت و نمیمت اور
حسد ہی کو کونڈی میں گھوٹ کر عرق
کشید کر لو ، پھوگ روڑی پہ
پھینک دو ——— یہی عرق
"شربت روشن" کا بہترین
اُمید افزا نعم البدل ماشاءاللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۳۴

قرآنِ عظیم
قرآنِ کریم
قرآنِ حکیم

کا ذرّہ جب کسی دل کے اندر
اُتر جاتا ہے،
"شربتِ روشن"
بن کر دُنیا بھر
کے عطاروں کی پیشوائی کرتا
رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفضلِ العظیم

www.daruehsan132.com

۷۰۲۵

خودی جب بھی کسی دل میں بیدار ہونے لگتی ہے، سبے خود ہو جاتی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۶

ہر حکمت انسان ہی کے جسم الوجود میں موجود رہتی ہے۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۲۷

اللہ کی مخلوق کی خدمت اللہ ہی کے حوالے ہوتی ہے، کسی

www.darulehsan132.com

میر و سلطان کے بس میں نہیں ۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۳۸

بھاویں کچھ بھی نہ کر، غیبت بند کر

ہو سکتا ہے کوئی غیبت نہ کرتا ہو
کبھی دیکھنے میں نہیں آیا !

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.ghulamhsan132.com

۴۰۳۹

زندہ زندگی کی قدر نہیں کرتا۔
گما حقہٗ تو کوئی بھی نہیں کرتا۔

مردہ جب کچھ کر نہیں سکتا، زندگی کی تمنا کیا کرتا ہے۔ حالانکہ زندہ ہی زندگی کا نمونہ پیش کیا کرتا ہے، مُردہ نہیں۔

دل جب زندہ ہوجاتا ہے، مسیحا بن جاتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۷۰۴۰

نگاہ سے گناہ ہوتا ہے۔

جب پاک ہو جاتی ہے، شفا ہو جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۴۱

انوارات مجالس ذکرِ الٰہی

ملائکہ ذکرِ الٰہی کرنے والے کے اردگرد دُعائیں کرتے ہیں۔

مثلاً جب وہ بار بار کہتا ہے

سُبحَانَ القَائِمِ الدَّائِم

ملائکہ کہتے ہیں:

www.darulmaarif132.com

اللہ تجھے بھی قائم و دائم رکھے۔ آمین۔

واللہ اعلم بالصواب

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۴۲-۷۰

ہر شے حسبِ حال ہے،

ماشاء اللہ

نہیں تو صرف

شکر

نہیں!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۷۰۴۳

عرش پہ ہو یا فرش پہ
تیری ربوبیت ہی کی عظمت کا ظہور ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۴۴

مجاذیب کے اجسام موسمیات سے مُبرّا ہوتے
ہیں۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۳۵

جملہ تعلیمات و تشریحات کا خلاصہ:

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔

اللہ کو سجدہ اور میرے آقا

روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سلام

سجدہ میں ——— یا حَیُّ یا قَیُّوم

سلام میں ——— سَیّدنا کریم صلے اللہ علیہ وسلم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۴۶

جہادِ اکبر کے بعد فتوحات اور

فتوحات ـــــ فتنات کا موجب۔

کھا، کھِلا، بچا کر مت رکھ

فِتنات کا خاتمہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضل العظیم

۷۰۴۷

یہ دن ہے، یہ رات۔

ساعت بہ ساعت تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

جہاں ابھی صبح ہے، اسی جگہ شام۔

کہیں طلوع ، کہیں غروب۔

"خطیرۃ القدس"
ہر وقت کسی نہ کسی مقام پہ
زندہ اور قائم رہتا ہے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۲۰۴۸ء

سبیل النور :-
ملعون و مردار سے اِجتناب

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۴۹

جہاں شیطان رہتا ہے،
وہیں حسد رہتا ہے۔

شیطان ——— حسد کی جان

فقر نے، صرف فقر نے،
شیطان کو ہرایا اور
حسد کو جلایا!

کوئی اور اسے نہ ہرا سکتا ہے نہ جلا

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۵۰

انسان، شیطان وخناس و ہمزات کی راہ پہ گامزن رہتا ہے، اسی وجہ سے پریشان رہتا ہے۔
وارثہ مومن بھی بھلا کبھی پریشان ہو سکتا ہے؟ یاحیّ یاقیوم

یاس وحزن شیطان وخناس وہمزات کا اولین اور بدترین حربہ ہوتا ہے اور وساوس اس کا مہلک ہتھیار۔ یاحیّ یاقیوم

ان کا عارف ہی اللہ کا عارف ہوسکتا ہے

جو پریشان ہے، سمجھ، شیطان وخناس و

www.darulehsan132.com

ہمزات ہی کے نرغے میں گھرا ہوا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۵۱

اللہ نے انسان کو اپنی فطرت پہ پیدا کیا۔
کائنات کی ہر شے، انسان ہی کے لیے
بنائی اور انسان کو اپنے لیے بنایا۔
تعجب پہ تعجب ہے کہ بندہ پھر بھی یاس و حزن
کا شکار ہو کر پریشان رہتا ہے، بدحال رہتا ہے

یا حیّ یا قیوم

www.darulehsan132.com

سُراغ مِل گیا ! مِل گیا ! مِل گیا !

قرآنِ عظیم و کریم و حکیم ہی سے یہ سُراغ مِلا۔

وَقُلْ

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ
الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ
رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

تیری جمیعت کو منتشر کرنا ہی ان کی منزل ہے

بندے کے اندر اللہ ہی نہیں ،
شیطان بھی رہتا ہے۔

جو بھی تیری جمیعت کی وحدت کو منتشر

www.darulehsan.com

کرے ، شیطان ہے۔
اور شیطان ہی کے بہکانے پر جمعیت
منتشر ہوا کرتی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۵۲

جمال دکھا کر چل دیے
ہجر کا باب کھل گیا
اور
یہ محبت کی اصل ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulhasan132.com

۷۰۵۳

نسبت کا اکرام ـــــ فائز المرام
توہین ـــــ عقیم

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۵۴

سیاست جب طلبہ میں داخل ہوئی،
تعلیم وتربیت پر بے حد
اثر انداز ہوئی ـــــ ملی ہو یا خانقاہی

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۵۵

بدر التمام کی شب قمری تاریخ کی تصدیق کرتی ہے۔　یا حیّ یا قیوم

*

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى بَدْرِ التَّمَامِ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۷۰۵۶

بندگی اور غلامی

بندوں کے دو مایہ ناز مقامات ہیں
پر کسی ایک پہ بھی پورا نہیں اُترتا۔
اللہ کا بندہ کہلاتا ہے، بندگی نہیں کرتا۔

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا

غلام بنتا ہے، غُلامی نہیں کرتا۔

حالانکہ بندگی اور غُلامی کی بدولت ہی

بندہ اشرف المخلوقات ہے۔

بندگی اور غُلامی میں خواہش اور آزادی کا

نام تک نہیں ہوتا۔

مالک کی ارادت کا پابند ہوتا ہے اور کبھی

مخالفت نہیں کرتا۔ غلام بے چارے کی اپنی

کوئی زندگی نہیں،

مالک ہی کے بَل پہ اِتراتا پھرتا ہے۔

کبھی ہنسا دیتے ہیں کبھی رُلا ــــــــــ

دونوں عارضی ہوتے ہیں، کسی خاطر میں نہیں

لاتے جاتے۔

www.darulehsan132.com

ہنسانا اور رُلانا غلامی کے مقبول معمولات ہیں۔
غُلام کی زندگی مالک ہی کے لیے وقف و مخصوص اور
مالک کی زندگی کی عزّت ہوتی ہے۔

معیاری ہو نہ ہو، نام کی لاج ضرور ہوتی ہے
اور نام کی لاج کو کبھی گرنے نہیں دیتے۔
کما حقہٗ، کسی کی بھی معیاری نہیں ہوتی،
نام ہی کی لج پالی جاتی ہے۔

تیرے نام کی لاج ہی زندگی کا آسرا ہوتی ہے۔ اسی لاج کی بدولت خاک نشین، شہ نشین کہلاتے ہیں۔ ورنہ حقیقتاً خاکی خاک کا پُتلا اور خاک نشین ہوتا ہے "خاک نشین"، عبدیت کا موروثی مقام ہے۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۵۷

حال کے مبصّر سے اصل حال پوشیدہ رہتا ہے کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ کراماً کاتبین بھی کماحقہٗ، اس حال کی حقیقت سے واقف نہیں ہوتے۔ دیکھنے میں کچھ نظر آتا ہے، حقیقتاً کچھ اور۔ یہی حال وہ پردہ ہوتا ہے جو کبھی نہیں کھلتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۵۸

بے پروائی کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ بے پروا وہ ہے جو مخلوق کے گناہوں اور خطاؤں کو نظر انداز فرما کر کسی خاطر میں نہیں لاتا۔

www.darulehsan...com

کسی عنایت سے محروم نہیں رکھتا۔
یہاں تک کہ جو اس کی ذات وصفات کا
منکر ہو، درگزر فرماکر ڈھیل پہ ڈھیل دیتا
رہتا ہے یہی ہم خاک نشینوں کے قریب
تیری بے پروائی کی ایک اُمید افزا
تشریح ہے۔　　یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
واللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۵۹

اے او بے پروا!
اگر تو تے بھی ہم گناہ گاروں اور خطاکاروں
سے بے پروائی برتی، تو کون ان کی کیا پروا
کریگا؟

www.drahsen192.com

تیری پروا کی بدولت ہی ہر کوئی ہر کسی کی پروا
کیا کرتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۶۰

کسی کی بھی ہو، کوئی تقریر مطلب خیز نہیں ہوتی۔
بات بات میں اور ہر بات میں ننانوے
فیصد جھوٹ، غیبت، نیمت اور حسد کارفرما
رہتا ہے۔

جو کہتا ہے، کرتا نہیں۔
جو کرتا ہے، وہ کہتا نہیں۔

یا حیّ یا قیّوم
الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۶۱

مرنے والے کے نزدیک گویا سارا جگ
مرا ہُوا ہوتا ہے یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۶۲

نظر ایک بار بُلند ہو کر کبھی نہیں گرتی۔
گرانے ہی پہ گرتے پہ مجبور ہوا کرتی ہے

نظر کی پاسبانی، سب سے اہم پاسبانی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.cerulensam132.com

۷۰۶۳

نظر میں سریع التاثیر دُعا ہوتی ہے اور
شفا ہوتی ہے، ماشاءاللہ !

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۶۴

ذکر کرتے ہیں
ذکر کے لیے آ
اھلاً و سھلاً

ملعون و مردار سے اِجتناب کرتے ہیں
اور اسی کی تبلیغ کرتے ہیں۔ یا حیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۶۵

قبض اور قبر میں پشیمانی اور ندامت کے
سوا کوئی اور منظر نہیں ہوتا ۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۶۶

کون کہتا ہے کہ ابابیل موجود نہیں ؟
جہاں میں ہر شے، ہر وقت موجود رہتی ہے
البتہ حکم کی منتظر رہتی ہے ۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۶۷

عنایت فضل ہوتا ہے، گُم کر دینے پہ پھر کبھی

www.daruleshan132.com

نہیں ملتا۔ ملے بھی تو بھلا سا تو کبھی بھی نہیں ہوتا۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

۷۰۶۸

کسی عنایت کو گم مت کیا کرو۔
بعض ایسی ہوتی ہیں، پھر کبھی نہیں ملتیں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

www.darulmsa132.com

۷۰۶۹

فقر نے تیری یاد مانگی، اور کچھ نہ مانگا۔
تیری یاد ہی اس کی زندگی کا اصل سرمایہ ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۷۰

خرد کا حاصل ——— مصروفیت، اور
مصروفیت ——— فن کا جنون۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۷۱

یہ میرا من

کمبل

تسبیحات اور

گھڑی

زندگی کے چند اسباب ہوتے ہیں، ایک بار پاکر پھر کبھی نہیں بدلتے۔
جو انہیں بدلنا چاہتا ہے، اُسے بدل دیتے ہیں — خود کبھی نہیں بدلتے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۷۰۷۲

ذکرِ دوام

جہاں ذکر نہیں ہوتا — کچھ بھی نہیں ہوتا،
وہ اہانت کا مرکز ہوتا ہے۔

www.darutehseen132.com

مداومت کے نور سے واہیات کافور

مداومت کا جلال ماسوا کو جلا دیتا ہے۔

مداومت کا جمال نوری، ناری اور خاکی کو مسخر کر لیتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضل العظیم

۷۰۷۳

عمل جب قائم ہو جاتا ہے، قوی ہو جاتا ہے۔ زندگی کے وجود میں موجود ہو کر جلوہ نمائی کرتا ہے۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۷

رُسنا بچوں کی فطرت ہے اور رُسنے ہی کی بدولت بعض عنایات ملتی ہیں۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۷۵

حکمت و حکومت

زندگی عبرت کا مقام ہے۔ جو عبرت حاصل نہیں کرتا، خرابیدہ ہے۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۷۶

زندگی کے بعد زندگی، زندگی

کی ترجمان ہوتی ہے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۷۷

نشہ وہ ہے جو ایک بار چڑھ کر کبھی نہ اُترے ۔
یہ بھی کوئی نشہ ہے ــــــ کبھی چڑھ جاتا ہے، کبھی اُتر! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۷۸

ماں ، بہن ، دھی کہتے ہو
گالی کا مصداق بنتے ہو

www.sarwarehsan133.com

جو صدقِ دل سے مان لیتا ہے،
ماں، بہن، دھی، اس کا اِکرام کرتی ہیں،
کبھی خلاف نہیں کہتیں۔

*

دل، دل کا ترجمان ہوتا ہے، کبھی
خیانت نہیں کرتا، یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۷۹

راجہ اِندر کی سبھا میں
خفق داخل نہیں ہوتا، کبھی نہیں ہوا۔
دیکھنے میں نہیں آیا،
سُنا ہے رنگین ہوتی ہے۔

www.darulehsan13.com

دلفریب ہوتی ہے۔

یہ میرے اللہ کی نوری سبحا ہے

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْجَبَرُوْتِ

سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ

رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ

ترجمہ: پاک ہے ملک اور ملکوت

والی ذات

پاک ہے عزت اور جبروت

والی ذات

پاک ہے وہ ذات

جو زندہ ہے، جسے
موت نہیں۔
وہ سبّوح ہے
پاک ہے
پرَوردگار ہے
ملائکہ اور
رُوح کا

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

www.darulehsan132.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ
حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے ایک نُور کا دریا پیدا
فرمایا ہے جس کے گرد نورانی ملائکہ، نُور
کے پہاڑ پر، اپنے ہاتھوں میں نُوری
مٹکے لیے ہوئے (یہ) تسبیح بیان کرتے ہیں
سُبْحَانَ ذِی الملکِ والملکوت .... الخ
پس جس شخص نے روزانہ ایک بار یا
مہینے میں ایک بار یا سال میں ایک بار
یا ساری عمر میں ایک بار پڑھا تو اللہ تعالیٰ اس
کے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دیتا ہے خواہ
سمندر کے جھاگ یا وسیع میدان کی ریت کے
(ذرّوں کے) برابر ہوں۔ خواہ وہ شخص

www.pdfbooksfree.pk

جہاد سے بھاگ آنے کا مُجرم ہو۔

(کنزالعمال ا جلد ا ال قل صفحہ ۲۰۲ شمار ۲۸۵۲)

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۷۰۸۰

خیال وہ ہے جو اللہ کی کتاب اور میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کی تصدیق کرے اور کسی بھی مذہب کا کوئی بھی دانش ور اس کا منکر نہ ہو یا حیی یا قیوم

باقی سب فانی۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۷۰۸۱

جب رات کا راج ختم ہونے لگتا ہے
درند خزند اپنے بلوں میں گھس کر
راحت کرنے لگتے ہیں اور
دن کا غلغلہ بلند ہونے لگتا ہے۔
پرند وچرند کا بول بالا ہو جاتا ہے۔
کوّے اور چڑیاں چُگنے میں مصروف ہو
جاتے ہیں۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۸۲

جو کچھ بھی کیا کرو اور کہا کرو، سامنے کیا
اور کہا کرو۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۰۸۳

یہی تو وہ دنیا ہے جسے ساری دُنیا
دُنیا کہتی ہے۔ اور دنیا کیا ہوتی ہے؟

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۸۴

فضل سے عمل کا باب کھلا۔
عمل نے فضل کی
تصدیق کی۔

وماعلینا الا البلاغ

یاحیی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷-۸۵

کل کی غلطی آج نہیں کرنی
کبھی نہیں کرنی

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷-۸۶

متوکل علے اللہ وہ ہے
جو توکلت علی اللہ زندگی کا سفر کیا کرتا ہے،
کسی بھی اسباب کا پابند نہیں ہوتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulmaarif132.com

۷۰۸۷

توبہ یہ ہے کہ جسم الوجود کے جملہ اعضاء
توبہ کریں اور آخر دم تک اپنی توبہ پہ
ثابت قدم رہیں۔ یاحیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۸۸

تم سبھی کچھ ہو
پر ملعون و مردار سے باز نہیں آتے۔
گویا کچھ بھی نہیں۔

ہر مجلس میں، اگرچہ دو افراد کی ہو،
غیبت و چغلی مسلسل جاری رہتی ہے۔
اسے حرام نہیں سمجھا جاتا۔

www.darulmasnavi32.com

بلکہ محفل گرمانے کا لائحہ عمل گردانا جاتا ہے۔

غیبت اور چغلی ہر فتنے کا موجب ہے۔
اگر انہیں کلیتاً بند کر دیا جائے،
دنیا کے دوں کے ننانوے فیصد فتنات کا خاتمہ
ہو جائے۔

اے او ذاکر !
تیری زبان سے ذکر جاری رہتا ہے
پر ذکر کے ہمراہ غیبت اور چغلی بھی ہوتی رہتی ہے
گویا تیری کمائی غیبت اور چغلی ہی نے کھائی

یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
والله ذو الفضل العظيم

www.darulehsan132.com

۷۰۸۹

کیا اپنے گھروں میں بچے روز مٹھائی اور میوے ہی کھایا کرتے ہیں ؟

یہاں بھی مت لایا کرو　یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

۷۰۹۰

موحد کی توبہ: اللّٰہُ اللّٰہُ رَبِّی لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

پہ استقامت۔

اللہ میرا رب ہے، میں کسی بھی شئے کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا۔　　یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
واللّٰہ ذوالفضل العظیم

www.darulhikmat132.com

۷۰۹۱

غیریت سے دُوری موحّد کی توبہ ہے

غیریت ہر وجود میں ہر وقت موجود رہتی ہے۔
اس قسم کی غیریت کا درس فقراء دیا کرتے ہیں۔
اس پہ شاذو نادر ہی کسی کو عبور حاصل ہوتا ہے،
ہر کسی کو نہیں۔

احدیت غیریت کی ضد ہے۔
احدیت میں غیریت نہیں ہوتی
سما سکتی ہی نہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan...

۷۰۹۴

مؤحد کی توبہ ——— غیریت کا واحد حل۔

اللہ نے کیا

اللہ ہی نے کروایا

اللہ کر رہا ہے

اللہ ہی کروا رہا ہے

اللہ کرے گا

اللہ ہی کرواتے گا۔

ہر خیر و شر ——— مِنَ اللہِ تعالیٰ

ہر موجود کا وجود ——— بِاِذْنِ اللہ، ماشاء اللہ!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

www.darulehsan132.com

۷۰۹۳

تاریخ نے پوچھا اے لوگو !
یہ دُنیا کس کی دُنیا ہے ؟
حسد نے کہا کہ میری ہے
تاریخ نے اس کو مان لیا

پھر پوچھا کہ اے لوگو !
یہ دُنیا کس کی دُنیا ہے ؟
غیبت نے کہا کہ میری ہے
تاریخ نے اس کو مان لیا

پھر پوچھا کہ اے لوگو !
یہ دنیا کس کی دنیا ہے ؟
چغلی نے کہا کہ میری ہے

www.darulehsan132.com

تاریخ نے اس کو مان لیا

پھر پوچھا کہ اے لوگو !
بالآخر دنیا کس کی ہے ؟
عہد نے کہا کہ جھوٹی ہے
تاریخ نے اس کو مان لیا

وما علینا الا البلاغ

یا حی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۷۰۹۴

عوام کا کھانا دال
روٹی
اچار

www.darulehsan132.com

نہ گھی ، نہ دودھ ، نہ چائے
پانی پیا ، چل دیا

جس گھر میں دودھ ہوتا ہے ، نہایت احتیاط
سے برتا جاتا ہے۔ عموماً ۲ یا ۳ کلو دودھ
جملہ حاجات کا کفیل ہوتا ہے۔

جو ذمہ دار نہیں ہوتا ، لاپرواہی کرتا ہے

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۷۰۹۵

نام اور کام ہی کی بدولت
ثواب وعذاب ہوگا ورنہ

www.darulehsan1.com

مٹی کا یہ پُتلا بنانے والے ہی
نے بنا کر نقل و حرکت پہ گامزن فرمایا ہوا ہے
لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۷۰۹۶

تصوّر شاعرانہ تخیّل ہے ورنہ
جہاں کوئی جلوہ افروز ہوتا ہے،
حال میں وارد ہو کر ہوتا ہے اور
حال کبھی غلط نہیں ہوتا۔ حال، حال
کا عین ترجمان اور حال کی بیّن دلیل
ہوتا ہے

جس بھی کسی نے ماضی کے کسی حال کو
دیکھا، حال ہی میں دیکھا،　یا حیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۰۹۷

ہر قضا تقدیر ہے اور اللہ ہر تقدیر
پہ قادرِ مطلق ہے۔ جس بھی تقدیر کو چاہے،
جب چاہے، جیسے چاہے، بدلے۔
قادرا لمقتدر ہے۔ یہاں تک کہ سمندر کو
خشک کر دے اور بیکا نیر کو گلستان۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۲۰۹۸ء

خانقاہی نظام جب تک پاک رہا
عظمت رہی، تمکنت رہی۔
دورِ حاضر کی سیاست میں اُلجھ کر
بے سُلجھ ہُوا۔
اور سیاست میں الجھن کے سوا کچھ بھی
نہیں ہوتا۔

الٰہی نظام کو اللّٰہ تک محدود رکھ۔
الٰہی نظام میں اللّٰہ کا ذکر ہوتا ہے،
اللّٰہ کے دینِ اسلام کی بین الاقوامی دعوت و تبلیغ
ہوتی ہے اور عام مخلوق کی بے لوث خدمت۔
اور کچھ بھی نہیں ہوتا

اُٹھ !

بیدار ہو۔

اپنی منزل کے سفر پہ گامزن ہو۔

یہ دُنیا اور جو کچھ بھی اس میں ہے، اس کی حیثیت مچھّر کے پَر کے برابر بھی نہیں۔

ناپائیدار، فانی اور چند روزہ مہمان ہے۔

یا حیُّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۷۰۹۹

دوستی وہ ہوتی ہے جو اپنے دوست کے سوا کسی اور کو دوست نہ رکھے۔

یا حیُّ یا قیّوم

www.daruehsan102.com

تعلق وہ ہوتا ہے جو اپنے تعلق کے سوا کسی اور سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۱۰۰

حسد ہر تن میں اور ہر من میں ہمہ وقت موجود رہتا ہے۔ روح جب بیدار ہونے لگتی ہے، ذلیل ہوکر اور رذیل بن کر نکلنے پہ مجبور ہوجاتا ہے۔ اپنی ہی آگ میں جل کر بھسم ہوجاتا ہے، اور ہمیشہ نفس کو شرمندہ کرتا رہتا ہے۔

www.qurufhsani32.com

حسد روشنی کے تمام میناروں پہ اندھیرا پھیلائے رکھتا ہے، کچھ بھی نظر آنے نہیں دیتا۔
تن دمن کو اندھیر نگری بنا کر اپنا راج قائم رکھتا ہے۔ جس بھی مینار کو دیکھا، دھندلا پایا!
دیکھنے میں روشن حقیقتاً بجھا ہوا۔

جونہی یہ جلا
جل کر راکھ ہوا
روشنی کے مینار جگمگانے لگے
حسد کی راکھ ان میناروں کی روشنی کا منبع ہے
روشنی کے تمام مینار اسے جلا کر ہی روشن ہوئے

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

www.darulehsan132.com

حسد نیکیوں کو ایسے جلا دیتا ہے جیسے آگ
خشک لکڑی کو

حسد بدترین بدی ہے۔
جب تک اس بدی سے پاک نہیں ہوتا،
نیکی پہ کیا گزر رکھتا ہے؟
نیکی کرتا ہے ___ بدی اسے جلا
کر راکھ کر دیتی ہے۔
گویا اس کی کمائی کسی کے بھی راس نہ آئی۔
نیکی تھی ، بدی نے کھالی۔

نیکی کو جلانے والی بدی کو تو جلایا ہی نہیں،
پھر کیا نیکی کی؟
نیکی کو جلانے والی بدی کو سب سے پہلے جلا۔

www.darulehsan1122.com

اسکی ابتدا آسمان سے ہوئی ، فرش پہ پوری
آب وتاب سے جاری ہے۔
اللہ کرے کسی خاکی کو اسے جلانے کی سعادت
نصیب ہو۔ امین ۔ یا حیی یا قیوم

آدمیت کی شرافت کا اولین درس حسد
کو جلا کر راکھ کرنا ہے۔
جب بھی جلا
جس نے بھی جلایا
جذب کے جلال کی محوبیت ہی کے
جنون میں جلایا
جو چیز ایک بار جل جاتی ہے ، ہمیشہ
کے لیے فنا ہو جاتی ہے۔

---

www.darulkitab132.com

اس عنایتِ الٰہیہ پہ، آدمیت و انسانیت و
بشریت، جتنا بھی شکر کرے، کم ہے۔
کما حقہٗ ادا کر ہی نہیں سکتا۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا
مُبَارَکًا فِیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا
وَیَرْضٰی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

—— ۱۰۱ ——

نیکی کرنے والوں کی نیکی پہ خوش ہوا کرو
اور دعا کیا کرو :
اللہ ہمیں بھی نیکی کی توفیق بخشے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۷۱۰۲

آزما کر دیکھ لو اور کما کر دیکھ لو
دین کی آڑ میں جس کسی نے بھی دنیا کمائی،
کبھی راس نہ آئی۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۱۰۳

مسافر لامکان ہوتا ہے
اسکی زندگی کا سفر ختم نہیں ہوتا
بدلتا رہتا ہے۔
یہی لاھوت کے مقام کی ابتدائی تشریح
ہے یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.darulirfan132.com

۷۱۰۴

میلہ میں مجمع عام ہوتا ہے اور حجم کثیر ہوتا ہے۔ کسی کے بھی آنے اور جانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا، جول کا توں قائم رہتا ہے۔ اسی طرح کھلاڑی ادلتے رہتے ہیں اور بدلتے۔

یا حیُّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

www.darulehsan132.com

۷۱۰۵

جب اپنا دفتر دیکھا، دیکھتے ہی بستر باندھا اور دوزخ کیطرف چل پڑا۔ ابھی ایک قدم ہی اُٹھایا تھا کہ تیری رحمت نے اپنی آغوش میں لپیٹ لیا۔ یا حیُّ یا قیوم

اللّٰھُمَّ صَلِّ علٰی بدرِ التّمام

اللّٰھُمَّ صَلِّ علٰی نُورِ الظّلام

اللّٰھُمَّ صَلِّ علٰی مِفتاحِ دارِ السّلام

اللّٰھُمَّ صَلِّ علَی الشَّفِیعِ فِی جَمِیعِ الانام

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۷۱-۶

خدمت بہترین دلجوئی ہے اور اصل دلجوئی

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.dandeleesa132.com

﴿۱۰۷﴾

اگر تیرے ساتھ ایسے نہ ہوتا اور ایسے نہ کرتے' نہ پیر ہوتا نہ فقیر۔ سب سے بڑھ کر دنیادار ہوتا اور مشہور ہو کر طریقت کا سب سے بڑا بدنام ہوتا۔

اگر نفس و شیطان و خناس متحد ہو کر تجھ پہ حملہ آور نہ ہوتے، روح و نفس کے مابین جنگ کا کبھی خاتمہ نہ ہوتا ——— ہمیشہ جاری رہتی۔

اور

اس جنگ ہی کی بدولت جملہ انوارات و برکات کا ظہور ہوتا ہے، ماشاء اللہ!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

www.sarwarqadri132.com

۷۱۰۸

ہر کوئی ہر قسم کے مجاہدے کا متحمل ہو سکتا ہے، امکانی ہے۔

کل کے لیے کوئی بھی شے جمع کر کے نہ رکھنا اگرچہ سنّتِ مؤکدہ ہے، اس پہ کوئی بھی گزر نہیں رکھتا اور اس سنّتِ مطہرہ ہی کی بدولت فقرا کا فقر فقید المثال رہا اور تمکنت سے ہمکنار رہا۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرازقین

والله ذو الفضل العظیم

www.urduleksam132.com

۹- حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اہلِ صُفّہ میں سے ایک آدمی نے وفات پائی اور ایک دینار چھوڑا۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

یہ ایک دینار ایک داغ ہے۔ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ کچھ دنوں بعد اصحابِ صُفّہ میں سے ایک اور شخص نے وفات پائی اس نے دو دینار چھوڑے۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

یہ دو دینار دو داغ ہیں۔

احمدؒ - بیہقی رحمۃ مشکوٰۃ شریف

جلد دوم صفحہ ۲۴۶ - شمارہ

۴۹۴۷

۹۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ آپؐ نے پوچھا:

بلالؓ یہ کیا ہے ؟

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ایک چیز ہے جس کو میں نے کل کے لیے جمع کیا ہے یعنی آئندہ کے لیے۔

آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس سے نہیں ڈرتا کہ قیامت کے دن دوزخ میں اس کا بخار بنے ؟ اے بلال رضؓ ! اس کو خرچ کر ڈے اور عرشِ عظیم کے مالک سے

فقر و افلاس کا خوف نہ کر۔

بیہقی فی شعب الایمان / مشکوۃ شریف جلد اوّل

صفحہ ۳۲۷ شمار ۱۷۸۰ ، ترتیب شریف جلد ۵

صفحہ ۱۱۵

www.faruqehsan132.com

۹۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ دن کو یا رات کے وقت حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم گھر سے نکلے۔ ناگہاں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آپ کو مل گئے۔ آپ نے دریافت کیا تم کو اس وقت کس چیز نے گھر سے باہر نکالا ؟ انہوں نے کہا بھوک نے۔

آپؐ نے فرمایا : قسم ہے اس ذات کی

جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مجھ کو بھی
اسی چیز نے گھر سے باہر نکالا ہے جس نے تم کو۔
چلو۔ چنانچہ دونوں آپ کے ساتھ ہو لیے
اور ایک انصاری کے گھر پہنچے۔ وہ اس وقت
گھر میں موجود نہ تھا۔ اس کی بیوی نے آپ کو
دیکھ کر کہا : مرحباً واھلاً
حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا
کہ فلاں شخص کہاں ہے (یعنی اس کا شوہر) ؟
اس نے کہا ہمارے لیے میٹھا پانی لینے گیا ہے۔
اتنے میں وہ انصاری بھی آ گیا اور رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم اور آپ کے دونوں ساتھیوں کو دیکھ کر
کہا: خدا کا شکر ہے آج کے دن بزرگ مہمانوں
کے اعتبار سے مجھ سے زیادہ کوئی خوش نصیب

www.faruqahsan1962.com

نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر وہ شخص اپنے
مہمانوں کو باغ میں لے گیا اور کھجوروں کا ایک
خوشہ پیش کیا جس میں نیم پختہ، پختہ اور تازہ
اور خشک کھجوریں تھیں اور عرض کیا اس میں سے
تناول فرمایئے۔ پھر چھری لی اور بکری کو ذبح
کرنے کا ارادہ کیا۔ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے اس سے فرمایا: دودھ کی بکری ذبح نہ کرنا
چنانچہ اس نے مہمانوں کے لیے بکری ذبح کی مختصر
